بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ القمر: 17

”اور بلاشبہ یقیناً ہم نے بالکل آسان بنا دیا ہے (اس) قرآن کو سمجھنے کے لیے، تو کیا کوئی ہے نصیحت لینے والا“

تین رنگوں کی مدد سے گرامر کے بغیر صرف علامات کے ذریعے

ترجمۂ قرآن کا جدید اور منفرد انداز

مصباح القرآن

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ 28

پروفیسر عبد الرحمٰن طاہر

BAIT-UL-QURAN

بیت القرآن

لاہور۔ پاکستان

0092-321-8844845

جملہ حقوق بحق بیت القرآن (رجسٹرڈ) محفوظ ہیں

(A Company Registered U/S 42 of the Companies Act, 2017)

مصباح القرآن

قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ 28

پروفیسر عبد الرّحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور

اُستاذ: انسٹی ٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، لاہور

ریسرچ اسکالرز ٹیم

مولانا عبدالرحمٰن اطہر

فاضل علوم اسلامیہ، ایم اے عربی و اسلامیات

سابق نائب مدیر تعلیم: مرکز ابن القاسم الاسلامی، ملتان

قاری محمد اکرم محمدی

فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر

اُستاذ: جامعہ اسلامیہ، مرکز جاوید بن اسماعیل، لاہور، پاکستان

ڈاکٹر حافظ سعید عمران

فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D(ITC)UMT

لیکچرار: ICET، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

مدثر بن یوسف حجازی

فاضل علوم اسلامیہ، Ph.D اسکالر

لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

محمد عابد رحمت

فاضل علوم اسلامیہ، M.Phil(ITC)UMT

لیکچرار: IER، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، پاکستان

حافظ محمد مستمر خان

فاضل علوم اسلامیہ، جامعہ اشرفیہ، لاہور

رجسٹرڈ پروف ریڈر، محکمہ اوقاف، پنجاب

ایڈیشن سوم، اشاعت اول.......................... جون 2023

ناشر .... بیت القرآن (رجسٹرڈ) لاہور، پاکستان

پرنٹر .... اعزاز الدین ٹی بی ایم پرنٹرز، لاہور، پاکستان

ادارہ "بیت القرآن" درحقیقت قرآن فہمی کی ایک عظیم تحریک ہے جس کا مقصد لوگوں تک اللہ کے کلام کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پہنچانا ہے۔ زیر نظر ترجمہ "مصباح القرآن" تمام مسالک میں مقبولِ عام ہے جبکہ ادارہ "بیت القرآن" نصاب سازی کیلیے "پنجاب کریکولم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ" میں بطور "**Book Developer**" رجسٹرڈ ہے۔ ادارہ "بیت القرآن" اپنی مطبوعات امپورٹڈ کاغذ پر، انتہائی اعلیٰ اور دیدہ زیب پرنٹنگ کروا کر صرف اشاعت فنڈ وصول کرتا ہے، الحمد للہ۔
2001ء سے تاحال قرآن فہمی کے لیے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ کا کام جاری وساری ہے، اللہ کی توفیق سے "مصباح القرآن" کی تکمیل کے بعد اب اس مشن کو منظم انداز میں سکولز، کالجز، یونیورسٹیز اور عوامی حلقوں میں پھیلانے کی اشد ضرورت ہے، لہٰذا اس عظیم مشن کو جاری رکھنے کے لیے آپ کا ہر ممکن تعاون درکار ہے، جزاکم اللہ خیراً۔

Account Title : Bait-ul-Quran, IBAN Account # PK65MUCB 0075 9525 6100 0334
MCB Bank, Upper Mall Branch, Lahore, Pakistan.

بیت القرآن

1-C سکندر علی روڈ، گلبرگ 2، لاہور

موبائل: 0092-321-8844845

آفس: 0092-322-8844700 ایکسٹینشن: 115

ویب سائیٹ: www.bait-ul-quran.org

ای میل: info@bait-ul-quran.org

برائے رابطہ: ڈسٹری بیوٹرز

کتاب سرائے، اُردو بازار، لاہور	0321-4163595
ادارہ صدائے اسلام اُردو بازار، لاہور	0335-1143822
البلاغ، مرکز G10، اسلام آباد	0300-5511552
دارالسلام، مرکز F8، اسلام آباد	051-2281513
دارالسلام، مین طارق روڈ، کراچی	0321-7796655
فضلی بک سپر مارکیٹ، اُردو بازار، کراچی	021-32212991
مکتبہ اسلامیہ، کوتوالی روڈ، فیصل آباد	0300-0997826
مکتبہ اُمّ القریٰ، جناح پارک، رحیم یار خان	0303-2696753
البلاغ، چنگی نمبر 6، بوسن روڈ، ملتان	0300-6112240

حرف اوّل

قرآن مجید وحی الٰہی کا واحد نسخہ اور نمونہ ہے جو آج انسانیت کے پاس اسی زبان میں اور اسی متن کے ساتھ محفوظ ہے جو لوح محفوظ سے جبریل علیہ السلام کے ذریعے محمد ﷺ کو عطا کیا گیا۔ یہ کتاب ہدایت ہے جو صاحب تقویٰ لوگوں کے لیے تزکیہ نفس، طمانیتِ قلب اور تطہیر دماغ کا فریضہ سر انجام دیتی ہے۔

قرآن مجید کا دعویٰ ہے کہ اسے آسان بنا کر پیش کیا گیا ہے تاکہ اس میں غور وفکر آسان ہو اور راہ عمل ہر ایک طالب ہدایت پر واضح ہو جائے۔

قرآن فہمی کے معلمِ اوّل تو خود محمد رسول اللہ ﷺ ہیں۔ مگر آپ کے درسِ قرآن کے فیض یافتگان نے پھر اس علم الوحی کو چہار دانگ عالم میں اس طرح پھیلا دیا کہ پہلی صدی ہجری کے اختتام تک قرآن مجید کے فہم و تدبر کے متعدد مراکز 65 لاکھ مربع میل کے ممالک اور خطوں کے باسیوں میں اپنی خدمات پیش کر رہے تھے۔ قرآنی علوم وفنون کا ایک ارتقائی سلسلہ ہے جو کہ گزشتہ چودہ صدیوں سے جاری ہے اور ان کی جوئے رواں دلوں اور دماغوں کی سرزمین کو سیراب کرتی ہوئی ایمان و عمل کے گل و گلزار کی شادابیاں پیش کر رہی ہے۔

پاکستان کی سرزمین بھی کتاب و سنت کی تعلیمات کے نفاذ کے لئے ایک عملی ماڈل کے طور پر حاصل کی گئی، مگر یہاں قرآن فہمی کے لئے وہ تگ و دو نہ ہو سکی جس کی عملاً ضرورت تھی، اس صورت حال کے پیش نظر یہاں ترجمہ قرآن اور قرآن فہمی کے مختلف مراکز قائم ہوئے، جن میں سے ایک موقر اور موثر ادارہ "بیت القرآن" بھی ہے۔ اس ادارے کے روح رواں محترم پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ترجمہ کو آسان اور سائنٹیفک انداز میں سکھانے اور پڑھانے کا ایک خصوصی ملکہ عطا فرمایا ہے، ان کی اس کوشش کے دو رنگ اور پیرائے ہمارے سامنے ہیں: ایک "مفتاح القرآن" کی شکل میں جب کہ دوسرا "مصباح القرآن" کے رنگ میں موجود ہے۔ فہم قرآن اور ترجمہ قرآن کے لحاظ سے ایک اسلوب مختلف الفاظ کو مختلف رنگوں میں پیش کر کے پھر انہی رنگوں میں ان کے معانی اور مطالب کو بیان کرنے کا ہے۔ مصنف موصوف نے بڑی مہارت اور علمی چابک دستی سے ان رنگوں کا سائنٹیفک استعمال کیا ہے۔ مجھے ان کے اس تجزیے سے اتفاق ہے کہ قرآن مجید کے 65 فیصد الفاظ کو ہم اپنی روز مرہ زبان اردو میں استعمال کرتے ہیں۔ 20 فیصد وہ الفاظ ہیں جو قرآن مجید میں بہت تکرار سے استعمال ہوئے ہیں، یوں صرف 15 فیصد الفاظ ایسے رہ جاتے ہیں، جن پر خصوصی غور وفکر اور تدبر کی ضرورت ہے۔

پروفیسر صاحب موصوف نے اپنے "مفتاح القرآن" والے منصوبے میں ان الفاظ کو بالترتیب مختلف رنگوں میں پیش کر کے ان کو سمجھنے میں آسانی کی راہ پیدا کی ہے۔ "مصباح القرآن" ترجمہ قرآن یقیناً ایک نئے اور مفید اسلوب سے آراستہ ہے یہ کوشش قرآنی مطالب کو عام کرنے اور ایک طالب قرآن کو اس کے معانی و مفہوم سے آشنا کرنے کی کامیاب کوشش ہے۔ "مصباح القرآن" میں ترجمہ قرآن کا جو اسلوب اختیار کیا گیا ہے، اس میں تین رنگوں میں تقسیم الفاظ قرآن کے معانی کو بھی "مفتاح القرآن" کے اصولوں کے مطابق انہی رنگوں میں قواعد کی تقسیم اور جوڑ توڑ کے پیرائے میں یوں درج کیا گیا ہے کہ کسی آیت شریفہ کا کوئی لفظ یا اِن لفظوں کے مزید کسی گرامر میں منقسم حصے کی تعیین، تشریح اور تفہیم بہت واضح، آسان، عام فہم اور دلچسپ ہو گئی ہے۔

اس صفحے کے مقابل صفحہ پر روز مرہ زندگی میں اردو زبان میں استعمال ہونے والے 65 فیصد الفاظ کو سیاہ رنگ میں پیش کیا گیا ہے، تکرار کے ساتھ استعمال ہونے والے 20 فیصد الفاظ کو نیلا رنگ اور 15 فیصد دوسرے اہم الفاظ کو سرخ رنگ میں پیش کر کے ان کے فہم کے الگ الگ دائرے متعین کر دیئے ہیں تاکہ ایک اُستاد یا طالب قرآن ان کی مدد سے ان کا خصوصی فہم حاصل کر لے، میرے نزدیک انسانی ذہن کو گرامر کی گراں بار اصطلاحات میں اُلجھانے اور ان کی تعلیم کے ادق اور پیچیدہ اسلوب کی بجائے یہ ایک آسان اور سلیس طریق ہے جسے انسانی نفسیات کے مطلوبہ اسلوب کے مطابق پیش کر دیا گیا ہے۔

میں برادر عزیز پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر صاحب کی اس قرآنی کاوش کو ایک مفید اور انقلابی کوشش سمجھتا ہوں مجھے یقین ہے کہ "مصباح القرآن" کے اس نظام اور پروگرام کے ذریعے اردو خواں دنیا میں فہم قرآن کی ایک ایسی تحریک پیدا ہو گی جو عامۃ المسلمین میں عمل و تقویٰ اور صلاح و فلاح کا ایک نیا زاویہ فکر پیدا کرے گی۔ اہل خیر سے توقع ہے کہ اس علمی اور قرآنی اسلوب کی سرپرستی اور تعاون میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گے اور دین و دنیا کی حسنات کو حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کاوش کی حفاظت فرمائے اور اس کی قبولیت اور افادیت کی راہیں ہموار فرمائے۔ آمین۔

پروفیسر عبد الجبار شاکر (مرحوم)

سابق ڈپٹی ڈائریکٹر: الدعوۃ اکیڈمی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد

تقریظ

رسول اکرم ﷺ حکم الٰہی "یٰٓاَیُّھَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ مِنْ رَّبِّکَ" کے اولین مخاطب اور مصداق تھے۔ بعدازاں فَلْیُبَلِّغِ الشَّاھِدُ الْغَائِبَ نبوی تلقین کو محبان رسول ﷺ نے ہر دور میں جاری رکھا اسی نبوی روایت کو جاری وساری رکھتے ہوئے عامۃ الناس میں قرآنی فہم عام کرنے، عمل کا جذبہ اُبھارنے کے لیے ذوق وشوق اور جہدِ مسلسل الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی کا خاصہ ہے۔ "مصباح القرآن" پہلے ایک ایک پارے کی صورت میں اور اب پانچ پاروں کی شکل میں ان کی محنت، لگن اور اخلاص کا ثمر ہے۔ یقیناً ہزاروں لوگ قرآن مجید کے اس آسان طریقِ تفہیم سے قرآنی تعلیمات کو سمجھ رہے ہیں۔

قرآنِ عظیم ربِ کریم کی ایسی کتاب ہے جو سارے انسانوں کے لیے ہدایت، قیامت تک کے لیے موجود اور محفوظ۔ ہدایت کے ہر طلب گار کے لیے آسان فہم ہے جسے خالق کائنات نے کثافتوں اور ملاوٹوں سے پاک رکھا۔ جس کی تازگی اور شفافیت ساڑھے چودہ سو سال گزرنے کے بعد بھی برقرار ہے۔ ایسا کیوں نہ ہو؟ قیامت تک اس چشمہ ٔصافی سے پیاسوں نے سیراب ہونا ہے۔ گم کردہ راہ مسافروں نے نورِ ہدایت حاصل کر کے منزل کو پانا ہے۔

کتابِ ہدایت کے لیے حفاظت کا الٰہی بندوبست کچھ ایسا ہوا کہ نزول کے آغاز سے ہی اوراق میں محفوظ، سینوں میں محفوظ، ہر آیت اور ہر سورۃ محفوظ، اور یوں پورا قرآن محفوظ "ایک مثالی زندگی" کے شب وروز اور ماہ وسال میں آپ کی رفیقہ ٔحیات، یارغار رسول ﷺ کی بیٹی ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ کی گواہی "کَانَ خُلُقُهُ الْقُرْاٰنُ" کی صورت جس پر "لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ" کی خدائی مہر تصدیق ثبت ہو چکی۔ مزید براں لاکھوں منوّر چہروں اور معطّر قلوب سے متصف صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین پر مشتمل ایمان افروز معاشرہ "آیاتِ قرآنیہ" کے موجود اور محفوظ ہونے کا عملی گواہ ہے۔ ﴿ اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ﴾ پہلے قرآنی سبق کے نزول کے ساتھ روزِ اول سے فلاحِ دارین کے لیے قرآنی تعلیمات کا فہم لازم اور عمل واجب قرار پایا۔ چنانچہ قرآنی تحفیظ وتعلیم، تفسیر وتفہیم اور تیسیر وتسہیل کا عمل ایک ناگزیر ضرورت ہے۔ اور اس سارے عمل نے ایک تحریک کی شکل اختیار کر لی، تفسیریں لکھی گئیں اور مختلف زبانوں میں قرآن کے ترجمے کیے گئے۔ برصغیر پاک وہند میں فارسی اور اردو ترجمہ کی روایت شاہ ولی اللہ رحمہ اللہ محدث دہلوی اور ان کے بیٹوں نے ڈالی۔ بعدہ' اللہ کے بیسیوں بندوں نے لوگوں میں قرآن فہمی کے لیے عربی دانی کا ذوق وشوق پیدا کیا تاکہ اللہ کی کتاب کو براہ راست سمجھا جاسکے۔ گلی گلی، شہر شہر، قرآن وحدیث کی مبارک محفلیں برپا ہوئیں۔ عالم اسلام میں خاص طور پر اور کرۂ ارض پر عام طور پر جگہ جگہ یہ سلسلہ نہ صرف قائم ہے بلکہ روز افزوں ہے۔

اُردو جاننے اور بولنے والے قرآن فہمی کے لاکھوں شائقین کے لیے فہمِ قرآن کی ایک "طرَح" جناب پروفیسر عبدالرحمن طاہر مدنی صاحب نے ڈالی ہے۔ "مصباح القرآن" میں اردو ترجمہ کو قرآن کے عربی متون کے بالمقابل تین رنگوں میں کچھ اس طرح پیش کیا گیا ہے کہ قرآن کا فہم آسان تر ہو جاتا ہے۔ اردو خواں قاری قرآن اور عربی الفاظ سے کچھ یوں مانوس ہو تا جاتا ہے کہ عربی زبان سے اس کی "نفسیاتی وحشت" دور ہوتی جاتی ہے اور تسہیل کے رنگین اشاراتی اسلوب سے قرآن سینے میں اترنے لگتا ہے۔ موصوف کے ہاں قرآن کی تدریس وتفہیم کے لیے سفر وحضر، صبح وشام وقت کی کوئی قید نہیں ہے۔ جبکہ مسجدوں، کھلے پارکوں، تفریح گاہوں اور تعلیمی اداروں میں ان سے قرآن سیکھنے والے خواتین وحضرات سب ان کے شیدائی اور انکے حضور قرآن فہمی کے لیے ہمہ تن گوش رہتے ہیں۔ عام طور پر طباعت واشاعت کوئی آسان کام نہیں ہوتا، جبکہ "مصباح القرآن" جیسا مبارک کتابی سلسلہ اپنے اندر طباعت کے لحاظ سے بہت نزاکت رکھتا ہے۔ مہارت اور احتیاط کا متقاضی بھی ہے لیکن پروفیسر صاحب کے معاونین نے فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ اس ہدف کو ممکن الحصول بنا دیا ہے۔ "مصباح القرآن" کی طباعت واشاعت، فنی مہارت اور مالی تعاون کے ساتھ "مصباح القرآن" کے اس سلسلہ ٔاشاعت کو آسان بنانے والے یقیناً امت کے محسن اور سعید لوگ ہیں۔ اللہ کے حضور ان کی زندگیوں اور مالوں میں برکت کے لیے بے شمار دعائیں۔ بجا طور پر ریسرچ سکالرز کی ٹیم جناب محمد اکرم محمدی، حافظ سعید عمران، مدثر بن یوسف حجازی، تمام معاونین اور طباعتی واشاعتی ادارہ "بیت القرآن" اس صدقہ جاریہ کا معتبر ذریعہ ہیں۔ یقیناً محترم الاستاذ عبدالرحمن طاہر مدنی اس قرآنی قافلے کے سالار ہیں۔ فَجَزَاھُمُ اللّٰہُ خَیْرًا۔ اللہ تعالیٰ اُن کی کاوشوں کو شرفِ قبولیت عطا فرمائے اور یہ سلسلہ کروڑوں اُردو خواں حضرات وخواتین کے لیے باعث ہدایت ورحمت بنتا رہے۔ اَللّٰھُمَّ زِدْ فَزِدْ۔

ڈاکٹر شبیر احمد منصوری

پروفیسر مسند سیرت (ر) شعبہ اسلامیات، پنجاب یونیورسٹی لاہور

تقریظ

زیرنظر کتاب "مصباح القرآن" جو کہ پروفیسر عبدالرحمٰن طاہر مدنی سلمہ اللہ نے مرتب کی ہے، چیدہ چیدہ مقامات کا مطالعہ کیا ہے۔
موصوف نے اس میں قرآن کریم کے ترجمہ کو رنگوں کی مدد سے سہل انداز میں پیش کرنے کی کوشش کی ہے، تحت اللفظ اور بامحاورہ دونوں ترجمے کیے گئے ہیں، نیز حاشیہ پر قرآنی الفاظ کی وضاحت اور ان کے اردو میں استعمال کا طریقہ، عربی گرامر کے نکات ومسائل کو بھی خوبصورت انداز سے بیان کیا ہے۔
دعا ہے کہ اللہ جل شانہ موصوف کی اس کوشش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے، عوام الناس، علماء اور طلباء کے لیے اسے نافع بنائے اور موصوف کو اسی طرح قرآن کریم کی خدمت کرنے کی توفیق عطا فرماتا رہے۔ آمین۔

محتاج دعا

حافظ فضل الرحیم اشرفی
مہتمم جامعہ اشرفیہ، لاہور، پاکستان

تقریظ

پروفیسر عبدالرحمن طاہر صاحب حفظہ اللہ اُن فضلائے مدینہ یونیورسٹی میں سے ہیں جن کو اللہ تعالیٰ نے "الجامعۃ الاسلامیہ" سے فراغت اور سعودی حکومت کی طرف سے مبعوث ہونے کے بعد اپنے ملک پاکستان میں دینی خدمت کی خصوصی توفیق سے نوازا۔ فاضل موصوف نے قرآن کریم کے معانی ومطالب کو زیادہ سے زیادہ عام فہم بنانے کے لیے عام ڈگر سے ہٹ کر کچھ نئے تجربے کیے جس کی تفصیل آپ "عرض مرتب" میں ملاحظہ فرمائیں۔
پڑھنے والوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ اسی طریقہ تعلیم کو کتابی شکل میں پیش کیا جائے تا کہ اس کا دائرہ استفادہ محدود نہ رہے، بلکہ وسیع سے وسیع تر ہو جائے اور ملک کے اطراف واکناف میں ہر جگہ قرآن فہمی کا سلسلہ اس کے ذریعے سے عام ہو جائے۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا، موصوف حفظہ اللہ نے اس کے لیے پہلے دو کتابیں مرتب کیں، "مفتاح القرآن" اور "مصباح القرآن" دونوں کو اللہ تعالی نے قبولیت عامہ کے شرف سے نوازا۔
"مفتاح القرآن" میں عربی گرامر کو آسان انداز میں پیش کیا اور "مصباح القرآن" میں اس کے مطابق قرآن کریم کا لفظی ترجمہ اور دیگر وہ جدتیں شامل کیں جو قرآن کریم کے فہم کو آسان سے آسان تر کر دے جس کی بابت اللہ تعالی نے قرآن کریم میں ارشاد فرمایا ہے۔
﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴾ القمر 17
ایک صفحے پر خانوں میں لفظی ترجمہ اور حاشیے میں مشکل الفاظ کی وضاحت، حل لغات اور صرفی تعلیل۔ اور دوسرے صفحے پر بامحاورہ ترجمہ ہے اور اس کے حاشیے میں قرآنی الفاظ کی اُردو میں استعمال کی وضاحت دی گئی ہے۔
اس طرح "مصباح القرآن" دو ترجموں کو اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے، لفظی بھی اور بامحاورہ بھی اور دونوں صفحے الگ الگ فوائد کے حامل ہیں۔
اب پروفیسر صاحب نے اس کا نیا ایڈیشن تیار کیا ہے، اُمید ہے کہ وہ بہت پسند کیا جائے گا، ان شاء اللہ۔
پروفیسر صاحب موصوف کی یہ عظیم قرآنی خدمت جس طرح عندالناس مقبول ہوئی ہے، اُمید ہے عنداللہ بھی درجہ قبولیت سے سرفرازی جائے گی اور ان کے لیے اور ان کے تمام معاونین کے لیے بھی ذخیرہ آخرت اور ذریعہ نجات ثابت ہو گی۔ ان شاءاللہ

حافظ صلاح الدین یوسف
مشیر وفاقی شرعی عدالت پاکستان

عرض مرتب

جنوری 1998ء کی بات ہے کہ مجھے "قرآن انسٹی ٹیوٹ سوسائٹی" کے زیر اہتمام گلبرگ لاہور میں قرآن فہمی کی کلاسز لینے کا موقع ملا، اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے میں نے گرامر کے ساتھ ساتھ علامتوں کی مدد سے ترجمۂ قرآن پڑھانے کا ایک سلسلہ شروع کیا، میں وائٹ بورڈ پر قرآنی آیت تحریر کر کے اس کے الفاظ میں موجود گرامر کی علامتوں کی وضاحت کرتا اور الفاظ کو جوڑ توڑ کے ذریعے خوب واضح کردیتا کہ قرآن کے الفاظ تین اقسام پر مشتمل ہیں: اکثر الفاظ ہم روز مرّہ زندگی میں استعمال کرتے ہیں اور کچھ الفاظ بار بار استعمال ہو کر خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اور بہت کم الفاظ ہیں جو نئے اور خالص عربی زبان کے الفاظ ہیں اور انہیں یاد کرنے کی ضرورت ہے اور اس کے بعد ہر قسم کے قرآنی الفاظ کی شناخت کراتا، الحمدللہ اس طریقہ تدریس میں طلبہ نے خوب دلچسپی کا اظہار کیا۔

2001ء کے وسط میں انہی طلبہ میں سے ایک صاحب خیر طالب علم کے مشورے سے قرآن حکیم کی اشاعت اور خدمت کی غرض سے ادارہ "بیت القرآن" کی داغ بیل ڈال دی گئی۔

میں نے کام کا باقاعدہ آغاز کردیا، اس سلسلے میں سب سے پہلے گرامر کی علامتوں کے گروپ بنا کر 36 اسباق پر مشتمل ایک کتاب ترتیب دی جو "مفتاح القرآن" کے نام سے شائع کی، اس کے بعد "مصباح القرآن" کے نام سے ایک ایسا ترجمۂ قرآن ترتیب دینا شروع کیا جس میں ان علامات کا عملی انطباق موجود ہو۔

"مصباح القرآن" کا یہ عظیم الشان پروجیکٹ 14 سال کی محنت شاقہ کے نتیجے میں 31 دسمبر 2014 کو پایۂ تکمیل تک پہنچا جو کہ الگ الگ پاروں کی شکل میں شائع ہو چکا ہے۔ الحمدللہ۔

"مصباح القرآن" کی پروف ریڈنگ کے کئی مراحل طے کیے گئے ہیں، ہم نے پوری کوشش کی ہے کہ اس میں کوئی غلطی نہ رہنے پائے، تاہم انسان غلطیوں سے مبرا ہونے کا دعویٰ نہیں کرسکتا کیونکہ کوتاہیوں سے مبرا ذات تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ہے۔

آئندہ صفحہ پر "مصباح القرآن" سے استفادہ کرنے کا طریقہ بتادیا گیا ہے، اگر اس طریقہ کو پیش نظر رکھ کر استفادہ کیا جائے تو ان شاءاللہ نتائج حوصلہ افزا نکلیں گے۔

میرے خیال میں "مصباح القرآن" اپنے منفرد اسلوب کی وجہ سے برصغیر پاک وہند میں شائع ہونے والے تمام تراجم میں سے آسان ترین اور عام فہم ترجمہ ہے، اللہ تعالیٰ اسے اُمتِ اسلامیہ کے لیے نافع اور مقبول عام فرمائے۔ آمین۔

میں تمام معاونین کا شکر گزار ہوں اور خاص طور پر "بیت القرآن ریسرچ ٹیم" کا کہ جن کی ہر مرحلے میں میرے ساتھ معاونت رہی ہے اور یہ عظیم کام پایۂ تکمیل تک پہنچا۔ آخر میں میری استفادہ کرنے والے تمام احباب سے درخواست ہے کہ وہ میرے لیے، میرے والدین، میرے اساتذہ، اہل خانہ، بیت القرآن ریسرچ ٹیم اور اس کار خیر میں معاونت کرنے والے تمام افراد کے لیے دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ سب کو اجر و مغفرت سے نوازے، آمین۔

عبد الرحمٰن طاہر

فاضل جامعہ اسلامیہ، مدینہ منورہ، ایم اے عربی، اسلامیہ یونیورسٹی، بہاولپور
اُستاد: انسٹیٹیوٹ آف ایجوکیشن اینڈ ریسرچ، پنجاب یونیورسٹی، قائد اعظم کیمپس لاہور، پاکستان

''مصباح القرآن'' سے استفادہ کرنے کا طریقہ

قارئین کی سہولت کے پیشِ نظر ''مصباح القرآن'' میں ترجمۂ قرآن سکھانے کے دو مختلف اسلوب اختیار کیے گئے ہیں۔

1. دائیں طرف پہلے صفحہ پر قرآنی الفاظ کو الگ الگ (Break up) کر کے خانوں میں درج کیا گیا ہے، ہر لفظ کے اجزاء کو الگ الگ رنگ دے کر ترجمہ واضح کیا گیا ہے، اگر کسی لفظ میں ایک علامت استعمال ہوئی ہے تو اسے سرخ رنگ اور دو علامتوں کی صورت میں دوسری علامت کو نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور ترجمہ میں رنگوں کا استعمال قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق کیا گیا ہے، بعض الفاظ کی ضروری وضاحت بھی حاشیہ میں کر دی گئی ہے، اس صفحہ پر استعمال ہونے والی علامات کی تفصیلات ''مفتاح القرآن'' (لانگ کورس) اور ''معلم القرآن'' (شارٹ کورس) میں بیان کی جا چکی ہیں، اگر ''مصباح القرآن'' کے مطالعہ سے قبل ''مفتاح القرآن'' اور ''معلم القرآن'' کی ان علامات کو سمجھ لیا جائے تو قرآن فہمی میں بہتر نتائج کی توقع کی جا سکتی ہے۔
2. بائیں طرف دوسرے صفحے پر قرآنی الفاظ کو تین مختلف رنگوں میں پیش کیا گیا ہے۔

پہلی قسم اُن الفاظ کی ہے جنہیں ہم روز مرّہ زندگی میں بالکل اُسی طرح یا معمولی فرق کے ساتھ اُردو بول چال میں استعمال کرتے ہیں اور ایسے الفاظ کم و بیش **65 فیصد** ہیں۔ اِن الفاظ کو سیاہ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے اور اِن کے اُردو میں استعمال کی وضاحت اسی صفحہ کے حاشیے پر کر دی گئی ہے۔

دوسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو اُردو میں استعمال نہیں ہوتے البتہ کثرتِ استعمال کے باعث خود بخود یاد ہو جاتے ہیں اُن کے بارے میں بہت فکر مندی کی ضرورت نہیں، یہ الفاظ اندازاً **20 فیصد** ہیں اور اِنہیں نیلے رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

تیسری قسم کے الفاظ وہ ہیں جو خالصتاً عربی زبان کے ہیں اور بالکل نئے ہیں اُنہیں خوب یاد کرنے کی ضرورت ہے، ایسے الفاظ تقریباً **15 فیصد** ہیں اور ان کو سرخ رنگ میں ظاہر کیا گیا ہے۔

اس صفحہ کا ترجمہ بامحاورہ کرنے کی کوشش کی گئی ہے، ترجمہ میں رنگ قرآنی الفاظ کے رنگوں کے مطابق دیئے گئے ہیں، البتہ جو الفاظ ترجمہ کی وضاحت کیلئے استعمال ہوئے ہیں اُنہیں بریکٹ میں دیا گیا ہے۔

اگر سیاہ الفاظ کے اُردو میں استعمال پر غور کر لیا جائے، نیلے الفاظ جو کہ بار بار استعمال ہو کر خود بخود ہی یاد ہو جاتے ہیں اور صرف سرخ الفاظ یاد کر لیے جائیں تو یقیناً قرآن فہمی میں نہایت آسانی ہو جاتی ہے اور اس طریقہ سے ذخیرۂ الفاظ (Vocabulary) کی کمی کا مسئلہ بھی تقریباً حل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔

اٰيَاتُهَا:22 | 58 سُوْرَةُ الْمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ 105 | رُكُوْعَاتُهَا:3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قَدْ	سَمِعَ اللّٰهُ	قَوْلَ	الَّتِيْ [1]	تُجَادِلُكَ [2]
یقیناً	سن لی اللہ نے	بات	جو	جھگڑ رہی تھی آپ سے
فِيْ زَوْجِهَا	وَ	تَشْتَكِيْٓ [2]	اِلَى اللّٰهِ ۖ	وَاللّٰهُ
اپنے خاوند (کے بارے) میں	اور	شکایت کر رہی تھی	اللہ کی طرف	اور اللہ
يَسْمَعُ	تَحَاوُرَكُمَا ۭ [3]	اِنَّ اللّٰهَ	سَمِيْعٌۢ	
وہ سن رہا تھا	تم دونوں کی باہمی گفتگو	بیشک اللہ	خوب سننے والا	
بَصِيْرٌ [4] (1)	اَلَّذِيْنَ [5]	يُظٰهِرُوْنَ [6]	مِنْكُمْ	
سب کچھ دیکھنے والا (ہے)	(وہ لوگ) جو	وہ سب ظہار کرتے ہیں	تم میں سے	
مِّنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ [7]	مَّا	هُنَّ	اُمَّهٰتِهِمْ ۭ [7]	اِنْ [8]
اپنی عورتوں سے	نہیں	وہ سب عورتیں	اُن کی مائیں	نہیں (ہیں)
اُمَّهٰتُهُمْ [7]	اِلَّا	الّٰۗـِٔيْ [5]	وَلَدْنَهُمْ ۭ [9] [7]	وَ / اِنَّهُمْ
اُن کی مائیں	مگر	(وہی) جنہوں نے	جنم دیا ہے اُنہیں	اور / بیشک وہ
لَيَقُوْلُوْنَ [10]	مُنْكَرًا مِّنَ الْقَوْلِ [11]	وَزُوْرًا ۭ	وَ	اِنَّ اللّٰهَ
یقیناً وہ سب کہتے ہیں	بُری بات	اور جھوٹ	اور	بیشک اللہ
لَعَفُوٌّ [10]	غَفُوْرٌ (2)	وَ	الَّذِيْنَ [5]	يُظٰهِرُوْنَ [6]
یقیناً بہت معاف کرنے والا	بہت بخشنے والا (ہے)	اور	(وہ لوگ) جو	وہ سب ظہار کرتے ہیں
مِنْ نِّسَاۗىِٕهِمْ [7]	ثُمَّ	يَعُوْدُوْنَ	لِمَا	قَالُوْا
اپنی عورتوں سے	پھر	وہ سب رجوع کر لیتے ہیں	(اس) سے جو	اُنہوں نے کہا
فَتَحْرِيْرُ	رَقَبَةٍ	مِّنْ قَبْلِ	اَنْ	يَّتَمَاۗسَّا ۭ [13] [12] [3]
تو آزاد کرنا	ایک گردن	(اس) سے پہلے	کہ	وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں
ذٰلِكُمْ [14]	تُوْعَظُوْنَ [15]	بِهٖ ۭ	وَ	اللّٰهُ
یہ (حکم)	تم سب نصیحت کیے جاتے ہو	اس کی	اور	اللہ

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 اَلَّتِيْ واحد مؤنث کی علامت ہے جس کا ترجمہ جو یا جس کیا جاتا ہے۔

2 شروع میں تَ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔

3 اس لفظ میں موجود تَا اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

4 اس آیت میں سیدہ خولہ رضی اللہ عنہا کے واقعہ کی طرف اشارہ ہے جن کے خاوند سیدنا اوس بن صامت رضی اللہ عنہ نے ان سے ظہار کر لیا تھا۔

5 اَلَّذِيْنَ جمع مذکر اور الّٰۗـِٔيْ جمع مؤنث کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہوں نے وغیرہ ہوتا ہے ۔

6 ظہار سے مُراد خاوند کا اپنی بیوی سے ازدواجی تعلقات منقطع کرتے ہوئے یہ کہنا کہ تو میرے اوپر ایسے ہی ہے جیسے میری ماں کی پیٹھ ہے۔

7 هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا یا اپنا اور فعل کے آخر میں ہوں تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

8 اِنْ کے بعد اگر اسی جملے میں اِلَّا ہو تو اس اِنْ کا ترجمہ نہیں کیا جاتا ہے۔

9 ـنَ جمع مؤنث کی علامت ہے، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

10 شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔

11 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

12 آخر میں "ا" میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔

13 یہاں ہاتھ لگانے سے مراد ازدواجی تعلقات ہیں ۔

14 جن کے لیے اشارہ کیا جائے وہ جمع مذکر ہوں تو ذٰلِكَ سے ذٰلِكُمْ ہو جاتا ہے، اس سے معنی تبدیل نہیں ہوتا۔

15 تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اٰيَاتُهَا: 22 — 58 سُوۡرَةُ الۡمُجَادَلَةِ مَدَنِيَّةٌ 105 — رُكُوۡعَاتُهَا: 3

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قَدۡ سَمِعَ اللّٰهُ قَوۡلَ الَّتِيۡ	یقیناً اللہ نے (اُس عورت کی) بات سن لی جو
تُجَادِلُكَ فِيۡ زَوۡجِهَا	آپ سے اپنے خاوند کے بارے میں جھگڑ رہی تھی
وَتَشۡتَكِيۡۤ اِلَى اللّٰهِ ۖ	اور اللہ کی طرف شکایت کر رہی تھی
وَاللّٰهُ يَسۡمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ؕ	اور اللہ تم دونوں کی آپس کی گفتگو کو سن رہا تھا
اِنَّ اللّٰهَ سَمِيۡعٌۢ بَصِيۡرٌ ﴿1﴾	بیشک اللہ خوب سننے والا سب کچھ دیکھنے والا ہے ﴿1﴾
اَلَّذِيۡنَ يُظٰهِرُوۡنَ مِنۡكُمۡ	وہ (لوگ) جو تم میں سے ظہار کرتے ہیں
مِّنۡ نِّسَآئِهِمۡ	اپنی عورتوں (بیویوں) سے (یعنی انہیں ماں کہہ دیتے ہیں)
مَّا هُنَّ اُمَّهٰتِهِمۡ ؕ	وہ اُن کی مائیں نہیں (ہو جاتیں)
اِنۡ اُمَّهٰتُهُمۡ اِلَّا الّٰٓـئِىۡ	نہیں ہیں اُن کی مائیں مگر (وہی) جنہوں نے
وَلَدۡنَهُمۡ ؕ وَاِنَّهُمۡ لَيَقُوۡلُوۡنَ	اُنہیں جنم دیا ہے، اور بے شک وہ یقیناً کہتے ہیں
مُنۡكَرًا مِّنَ الۡقَوۡلِ وَزُوۡرًا ؕ	بری بات اور جھوٹ
وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ	اور بے شک اللہ یقیناً بہت معاف کرنے والا
غَفُوۡرٌ ﴿2﴾ وَالَّذِيۡنَ	بہت بخشنے والا ہے۔ ﴿2﴾ اور وہ (لوگ) جو
يُظٰهِرُوۡنَ مِنۡ نِّسَآئِهِمۡ	اپنی عورتوں (بیویوں) سے ظہار کرتے ہیں
ثُمَّ يَعُوۡدُوۡنَ لِمَا قَالُوۡا	پھر وہ رجوع کر لیتے ہیں اس سے جو انہوں نے کہا
فَتَحۡرِيۡرُ رَقَبَةٍ مِّنۡ قَبۡلِ	تو ایک گردن آزاد کرنا (ضروری) ہے اس سے پہلے
اَنۡ يَّتَمَآسَّا ؕ	کہ وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں (یعنی ہم بستری کریں)
ذٰلِكُمۡ تُوۡعَظُوۡنَ بِهٖ ؕ وَاللّٰهُ	یہ ہے (حکم) جس کی تم نصیحت کیے جاتے ہو، اور اللہ

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

بِسۡمِ	: اسم گرامی، اسم بامسمّیٰ۔
الرَّحۡمٰنِ	: رحمن و رحیم، رحمت۔
الرَّحِيۡمِ	: رحیم، رحم و کرم۔
سَمِعَ	: سمع و بصر، سامع۔
قَوۡلَ	: قول، مقولہ، اقوال زریں۔
تُجَادِلُكَ	: جنگ و جدل، جدال۔
فِيۡ	: فی الحال، فی الحقیقت۔
زَوۡجِهَا	: زوجہ، زوجیت۔
وَ	: شان و شوکت، رحم و کرم۔
تَشۡتَكِيۡۤ	: شکوہ، شکایت۔
اِلَى	: مرسل الیہ، رجوع الی اللہ۔
سَمِيۡعٌۢ	: سامعین، سماعت۔
بَصِيۡرٌ	: سمع و بصر، بصارت۔
مِنۡكُمۡ	: منجانب، من حیث القوم۔
نِّسَآئِهِمۡ	: نسوانیت، حقوق نسواں۔
اُمَّهٰتِهِمۡ	: امہات المومنین۔
اِلَّا	: الا ماشاء اللہ، الا قلیل۔
وَلَدۡنَهُمۡ	: ولادت، اولاد، مولود۔
مُنۡكَرًا	: نہی عن المنکر، منکرات۔
لَعَفُوٌّ	: معاف، عفو و درگزر، معافی۔
غَفُوۡرٌ	: مغفرت، استغفار۔
مِنۡ	: منجانب، من حیث القوم۔
نِّسَآئِهِمۡ	: نسوانیت، حقوق نسواں۔
يَعُوۡدُوۡنَ	: اعادہ، عود کر آنا۔
لِمَا	: لہٰذا، الحمد للہ۔
لِمَا	: ماحول، ماتحت، ماجرا۔
فَتَحۡرِيۡرُ	: حریت، حریت پسند۔
قَبۡلِ	: قبل از وقت، قبل از غذا۔
يَّتَمَآسَّا	: مس، مس کرنا (چھونا)۔
تُوۡعَظُوۡنَ	: وعظ، واعظ، وعظ و نصیحت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

بِمَا [1]	تَعۡمَلُوۡنَ	خَبِيۡرٌ [2] ۝3	فَمَنۡ	لَّمۡ يَجِدۡ [3][4]
(اس) سے جو	تم سب کرتے ہو	خوب خبردار (ہے)	پھر جو	نہ وہ پائے

فَصِيَامُ	شَهۡرَيۡنِ مُتَتَابِعَيۡنِ [5]	مِنۡ قَبۡلِ	اَنۡ
تو روزے رکھنا ہے	دو متواتر مہینوں کے	(اس) سے پہلے	کہ

يَّتَمَآسَّا ج [6][7] ۝6	فَمَنۡ	لَّمۡ يَسۡتَطِعۡ [3]	فَاِطۡعَامُ
وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں	پھر جو	نہ وہ طاقت رکھے (اس کی بھی)	تو کھانا کھلانا ہے

سِتِّيۡنَ [8]	مِسۡكِيۡنًا ؕ	ذٰلِكَ [9]	لِتُؤۡمِنُوۡا [10]	بِاللّٰهِ [1]
ساٹھ	مسکینوں (کو)	یہ (اس لیے ہے)	تاکہ تم سب ایمان لے آؤ	اللہ پر

وَرَسُوۡلِهٖ ؕ	وَتِلۡكَ [9]	حُدُوۡدُ اللّٰهِ ؕ	وَ	لِلۡكٰفِرِيۡنَ
اور اس کے رسول (پر)	اور یہ	اللہ کی حدیں (ہیں)	اور	کافروں کے لیے

عَذَابٌ	اَلِيۡمٌ [2] ۝4	اِنَّ	الَّذِيۡنَ	يُحَآدُّوۡنَ اللّٰهَ [11]
عذاب (ہے)	بہت درد دینے والا	بیشک	(وہ لوگ) جو	وہ سب مخالفت کرتے ہیں اللہ کی

وَ	رَسُوۡلَهٗ	كُبِتُوۡا [12][13]	كَمَا	كُبِتَ [12]
اور	اس کے رسول (کی)	وہ سب ذلیل کیے جائیں گے	جس طرح	ذلیل کیے گئے

الَّذِيۡنَ	مِنۡ قَبۡلِهِمۡ	وَ	قَدۡ	اَنۡزَلۡنَآ
(وہ لوگ) جو	ان سے پہلے (تھے)	اور	یقیناً	ہم نے نازل کر دی (ہیں)

اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ؕ	وَ	لِلۡكٰفِرِيۡنَ	عَذَابٌ	مُّهِيۡنٌ ۝5 ج
واضح آیات	اور	کافروں کے لیے	عذاب (ہے)	ذلیل کرنے والا

يَوۡمَ	يَبۡعَثُهُمُ [14]	اللّٰهُ	جَمِيۡعًا	فَيُنَبِّئُهُمۡ [14]
جس دن	وہ اُٹھائے گا اُنہیں	اللہ	سب کے سب (کو)	پھر وہ خبر دے گا اُنہیں

بِمَا [1]	عَمِلُوۡا ؕ	اَحۡصٰهُ	اللّٰهُ	وَ
(اس) کی جو	اُنہوں نے عمل کیے	گن رکھا ہے اُسے	اللہ نے	اور

نَسُوۡهُ ؕ [15]	وَاللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ	شَهِيۡدٌ ۝6 ع
وہ سب بھول گئے تھے اُسے	اور اللہ	ہر چیز پر	خوب گواہ (واقف ہے)

ع 6 1

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

2 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

3 علامت لَمۡ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

4 یعنی اگر غلام آزاد کرنے کی طاقت نہ ہو۔

5 علامت یۡنِ میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے، اس کا اصل ترجمہ دو ایک دوسرے کے پیچھے آنے والے مہینے بنتا ہے اور اس سے مراد دو متواتر مہینے ہیں۔

6 اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

7 آخر میں "ا" میں دو ہونے کا مفہوم ہے۔

8 یہاں یۡنَ کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

9 ذٰلِكَ، تِلۡكَ، اُولٰٓئِكَ یہ تینوں الفاظ بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتے ہیں انکا اصل ترجمہ وہ، اُن یا اُس ہوتا ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ، اِن یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

10 فعل کے شروع میں لِ کا ترجمہ کبھی تاکہ اور کبھی چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

11 فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

12 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

13 یہ گزرے ہوئے زمانے کا فعل ہے ضرورتاً مستقبل میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

14 فعل کے آخر میں علامت ھُمۡ کا ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

15 علامت وۡا کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

• سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے • نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے • کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿3﴾	اس سے جو تم عمل کرتے ہو خوب خبردار ہے۔ ﴿3﴾
فَمَنْ لَّمْ يَجِدْ فَصِيَامُ	پھر جو (غلام) نہ پائے تو روزے رکھنا ہے
شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ مِنْ قَبْلِ	دو متواتر مہینوں کے اس سے پہلے
اَنْ يَّتَمَآسَّا ۚ	کہ وہ دونوں ایک دوسرے کو ہاتھ لگائیں
فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ	پھر جو (اسکی بھی) طاقت نہ رکھے
فَاِطْعَامُ سِتِّيْنَ مِسْكِيْنًا ؕ	تو ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلانا ہے
ذٰلِكَ	یہ (حکم اس لیے) ہے
لِتُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ؕ	تاکہ تم اللہ اور اسکے رسول کے فرمانبردار ہو جاؤ
وَتِلْكَ حُدُوْدُ اللّٰهِ ؕ	اور یہ اللہ کی حدیں ہیں
وَلِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿4﴾	اور کافروں کے لیے دردناک عذاب ہے۔ ﴿4﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ	بے شک (وہ لوگ) جو
يُحَآدُّوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	اللہ اور اسکے رسول کی مخالفت کرتے ہیں
كُبِتُوْا كَمَا كُبِتَ	وہ ذلیل کیے جائیں گے جس طرح ذلیل کیے گئے
الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ	(وہ لوگ) جو ان سے پہلے تھے
وَقَدْ اَنْزَلْنَآ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ ؕ وَ	اور یقیناً ہم نے واضح آیات نازل کر دی ہیں اور
لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿5﴾ ۚ	کافروں کے لیے ذلیل کرنے والا عذاب ہے۔ ﴿5﴾
يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا	جس دن اللہ انہیں اُٹھائے گا سب کے سب کو
فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ	پھر وہ اُنہیں خبر دے گا اسکی جو اُنہوں نے عمل کیے
اَحْصٰىهُ اللّٰهُ وَنَسُوْهُ ؕ	اللہ نے اُسے گن رکھا ہے اور وہ اُسے بھول گئے تھے
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ﴿6﴾ ع 6 1	اور اللہ ہر چیز پر خوب گواہ (یعنی واقف) ہے۔ ﴿6﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- تَعْمَلُوْنَ : عمل، اعمال، معمول۔
- خَبِيْرٌ : خبر، اخبار، مخبر، باخبر، خبیر۔
- يَجِدْ : وجود، موجود، ایجاد۔
- فَصِيَامُ : صوم، صیام، صوم وصلوٰۃ۔
- مِنْ : منجانب، من حیث القوم۔
- قَبْلِ : قبل از وقت، قبل از غذا۔
- يَّتَمَآسَّا : مس کرنا (چھونا)۔
- يَسْتَطِعْ : استطاعت۔
- فَاِطْعَامُ : قیام وطعام، بعد از طعام۔
- مِسْكِيْنًا : مسکین، مساکین۔
- لِتُؤْمِنُوْا : امن، ایمان، مومن۔
- رَسُوْلِهٖ : رسول، مرسل، رسالت۔
- حُدُوْدُ : حد، حدود، حدود اربعہ۔
- لِلْكٰفِرِيْنَ : للہذا، الحمد للہ۔
- اَلِيْمٌ : عذابِ الیم، رنج والم۔
- كَمَا : کالعدم، کماحقہ۔
- قَبْلِهِمْ : قبل از وقت، قبل از غذا۔
- اَنْزَلْنَآ : نازل، نزول، انزال۔
- بَيِّنٰتٍ : بیان، مبیّنہ طور پر۔
- لِلْكٰفِرِيْنَ : کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
- مُّهِيْنٌ : توہین، اہانت۔
- يَوْمَ : یوم، ایام، یوم آخرت۔
- يَبْعَثُهُمُ : بعث بعد الموت، بعثت۔
- جَمِيْعًا : جمع، جمیع، جامع، مجمع۔
- فَيُنَبِّئُهُمْ : نبی، انبیاء۔
- عَمِلُوْا : عمل، اعمال، معمول۔
- نَسُوْهُ : نسیان، نسیاً منسیا۔
- كُلِّ : کل نمبر، کل تعداد۔
- شَيْءٍ : شے، اشیائے خوردونوش۔
- شَهِيْدٌ : شاہد، کلمہ شہادت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اَ [1]	لَمْ [2]	تَرَ [3]	اَنَّ اللّٰهَ	يَعْلَمُ	مَا
کیا	نہیں	آپ نے دیکھا	کہ بیشک اللہ	وہ جانتا ہے	جو (کچھ)

فِي السَّمٰوٰتِ	وَمَا	فِي الْاَرْضِ ؕ	مَا يَكُوْنُ [4]	مِنْ نَّجْوٰى [5]
آسمانوں میں	اور جو (کچھ)	زمین میں (ہے)	نہیں وہ ہوتی	کوئی سرگوشی

ثَلٰثَةٍ	اِلَّا	هُوَ	رَابِعُهُمْ [6]	وَلَا	خَمْسَةٍ
تین (آدمیوں کی)	مگر	وہ (یعنی اللہ)	اُن کا چوتھا (ہوتا ہے)	اور نہ	پانچ کی

اِلَّا	هُوَ	سَادِسُهُمْ [6]	وَلَآ	اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ [7]	وَلَآ
مگر	وہ (اللہ)	اُن کا چھٹا (ہوتا ہے)	اور نہ	اس سے کم	اور نہ

اَكْثَرَ	اِلَّا	هُوَ	مَعَهُمْ [6]	اَيْنَ مَا [8]	كَانُوْا ۚ
(اس سے) زیادہ	مگر	وہ	اُن کے ساتھ (ہوتا ہے)	جہاں کہیں (بھی)	وہ سب ہوں

ثُمَّ	يُنَبِّئُهُمْ [6]	بِمَا [9]	عَمِلُوْا	يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ
پھر	وہ خبر دے گا انہیں	(اس) کی جو	اُنھوں نے عمل کیے	قیامت کے دن

اِنَّ اللّٰهَ	بِكُلِّ شَيْءٍ [9]	عَلِيْمٌ [10] ۝7	اَلَمْ [1][2]	تَرَ [3]
بے شک اللہ	ہر چیز کو	خوب جاننے والا (ہے)	کیا نہیں	آپ نے دیکھا

اِلَى الَّذِيْنَ	نُهُوْا [11]	عَنِ النَّجْوٰى	ثُمَّ	يَعُوْدُوْنَ
(اُن لوگوں) کی طرف جو	سب منع کیے گئے	سرگوشی سے	پھر	وہ سب دوبارہ کرتے ہیں

لِمَا	نُهُوْا [11]	عَنْهُ	وَ	يَتَنٰجَوْنَ [12]
(اس کام) کو جو	وہ سب منع کیے گئے	اُس سے	اور	وہ سب آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں

بِالْاِثْمِ [9]	وَ	الْعُدْوَانِ	وَ	مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ [13] ۫	وَاِذَا
گناہ کی	اور	زیادتی (کی)	اور	رسول کی نافرمانی (کی)	اور جب

جَآءُوْكَ [14][15]	حَيَّوْكَ [14][15]	بِمَا [9]	لَمْ يُحَيِّكَ [2]
وہ سب آتے ہیں آپکے پاس	وہ سب دعا دیتے ہیں آپکو	(ان لفظوں) سے جو	نہیں دعا دی آپ کو

بِهِ [9]	اللّٰهُ ۙ	وَ	يَقُوْلُوْنَ	فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ [6]
اس کے ساتھ	اللہ نے	اور	وہ سب کہتے ہیں	اپنے نفسوں میں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 أَ اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا کیا جاتا ہے۔

2 علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

3 تَرَ دراصل تَرْاَیْ تھا گرامر کے اصول کے مطابق "اَ" کی زبر پچھلے حرف کو دے کر اُسے اور یْ کو حذف کیا گیا ہے۔

4 یہ فعل مذکر ہے ضرورتاً ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے۔

5 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

6 هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا یا اپنا اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

7 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

8 اَيْنَ مَا دراصل ایک ہی لفظ ہے جس کا ترجمہ جہاں کہیں کیا جاتا ہے۔

9 بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

10 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

11 نُهُوْا دراصل نُهِيُوْا تھا شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے گرامر کے مطابق ی کی پیش پچھلے حرف کو دے کر اُسے حذف کیا گیا ہے۔

12 اس فعل میں موجود تَ اور "ا" میں کام کو باہمی طور پر کرنے کا مفہوم ہے۔

13 مَعْصِيَتِ کا لفظ عربی میں مَعْصِيَة لکھا جاتا ہے یہاں قرآنی کتابت میں اسی طرح ہے۔

14 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

15 اِذَا کے بعد فعل کا ترجمہ عموماً مستقبل میں اور کبھی حال میں کیا جاتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ	کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بیشک اللہ جانتا ہے
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ	جو (کچھ) آسمانوں میں اور جو (کچھ) زمین میں ہے
مَا يَكُوْنُ مِنْ نَّجْوٰى ثَلٰثَةٍ	کسی تین (آدمیوں) کی کوئی سرگوشی نہیں ہوتی
اِلَّا هُوَ رَابِعُهُمْ وَلَا خَمْسَةٍ	مگر وہ (اللہ) ان کا چوتھا ہوتا ہے اور نہ پانچ کی
اِلَّا هُوَ سَادِسُهُمْ	مگر وہ (یعنی اللہ) ان کا چھٹا ہوتا ہے
وَلَآ اَدْنٰى مِنْ ذٰلِكَ وَلَآ اَكْثَرَ	اور نہ اس سے کم اور نہ (اس سے) زیادہ ہوتے ہیں
اِلَّا هُوَ مَعَهُمْ اَيْنَ مَا كَانُوْا ۚ	مگر وہ ان کے ساتھ ہوتا ہے وہ جہاں (بھی) ہوں
ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ	پھر وہ خبر دے گا انہیں
بِمَا عَمِلُوْا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ	قیامت کے دن اس کی جو انہوں نے عمل کیے
اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿7﴾	بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے۔ ﴿7﴾
اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ	کیا آپ نے اُن (لوگوں) کی طرف نہیں دیکھا جو
نُهُوْا عَنِ النَّجْوٰى	سرگوشی کرنے سے منع کیے گئے
ثُمَّ يَعُوْدُوْنَ	پھر وہ دوبارہ کرتے ہیں
لِمَا نُهُوْا عَنْهُ	اس (کام) کو جس سے وہ منع کیے گئے اور
وَيَتَنٰجَوْنَ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ	وہ آپس میں سرگوشیاں کرتے ہیں گناہ اور زیادتی کی
وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ ۫	اور رسول کی نافرمانی کی
وَاِذَا جَآءُوْكَ	اور جب وہ آپ کے پاس آتے ہیں
حَيَّوْكَ	وہ آپ کو دعا دیتے ہیں (یعنی سلام کہتے ہیں)
بِمَا لَمْ يُحَيِّكَ بِهِ اللّٰهُ ۙ	ان (لفظوں) سے جس سے اللہ نے آپکو دعا نہیں دی
وَيَقُوْلُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ	اور وہ اپنے دلوں میں کہتے ہیں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

تَرَ	رؤیت، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
يَعْلَمُ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
مَا	ماتحت، ماورائے آئین۔
فِي	فی الحال، فی سبیل اللہ۔
السَّمٰوٰتِ	کتبِ سماویہ، ارض وسما۔
وَ	شام وسحر، رحم وکرم۔
الْاَرْضِ	ارض وسماء، قطعہ اراضی۔
مِنْ	منجانب، من حیث القوم۔
نَّجْوٰى	مناجات۔
ثَلٰثَةٍ	ثلث، ثالثی، ثالث۔
اِلَّا	الاماشاءاللہ، الا قلیل۔
رَابِعُهُمْ	مربع، رباعی، آئمہ اربعہ۔
لَا	لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
خَمْسَةٍ	حواس خمسہ، کتب خمسہ۔
اَدْنٰى	ادنیٰ کوشش، اعلیٰ وادنیٰ۔
اَكْثَرَ	اکثر، کثیر، کثرت۔
مَعَهُمْ	مع اہل وعیال، معیّت۔
عَمِلُوْا	عمل، اعمال، معمول۔
يَوْمَ	یوم، ایام، یوم آخرت۔
الْقِيٰمَةِ	یوم قیامت۔
بِكُلِّ	کل نمبر، کل کائنات۔
شَيْءٍ	شے، اشیائے خورد ونوش۔
عَلِيْمٌ	علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
اِلَى	مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
نُهُوْا	نہی عن المنکر، اوامر ونواہی۔
يَعُوْدُوْنَ	اعادہ، عود کر آنا۔
مَعْصِيَتِ	معصیت، عاصی، عصیاں۔
الرَّسُوْلِ	رسول، مرسل، رسالت۔
يَقُوْلُوْنَ	قول، مقولہ، اقوال زریں۔
اَنْفُسِهِمْ	نفس، نفوس قدسیہ۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

لَوْلَا [1]	يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ [2][3]	بِمَا [4]	نَقُوْلُ ط	حَسْبُهُمْ
کیوں نہیں	اللہ عذاب دیتا ہمیں	(اس) پر جو	ہم کہتے ہیں	کافی ہے انہیں

جَهَنَّمُ ج	يَصْلَوْنَهَا ج	فَبِئْسَ	الْمَصِيْرُ (8)
جہنم	وہ سب داخل ہونگے اس میں	پس وہ برا (ہے)	ٹھکانا

يٰٓاَيُّهَا [5]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	تَنَاجَيْتُمْ [6]
اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو	جب	تم آپس میں سرگوشی کرو

فَلَا	تَتَنَاجَوْا [6]	بِالْاِثْمِ [4]	وَ	الْعُدْوَانِ	وَ
تو مت	تم سب آپس میں سرگوشی کرو	گناہ کی	اور	زیادتی (کی)	اور

مَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ	وَ	تَنَاجَوْا [6]	بِالْبِرِّ [4]
رسول کی نافرمانی (کی)	اور	تم سب آپس میں سرگوشی کرو	نیکی کی

وَ	التَّقْوٰى ط	وَ	اتَّقُوا اللّٰهَ [3]	الَّذِيْٓ
اور	تقویٰ (کی)	اور	تم سب ڈرو اللہ سے	(وہ) جو

اِلَيْهِ	تُحْشَرُوْنَ [7] (9)	اِنَّمَا [8]	النَّجْوٰى
اس کی طرف	تم سب اکٹھے کیے جاؤ گے	بیشک صرف	(ایسی) سرگوشی

مِنَ الشَّيْطٰنِ	لِيَحْزُنَ [10][9]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
شیطان (کی طرف) سے (ہے)	تاکہ وہ غم میں ڈالے	(اُن لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے

وَ [11]	لَيْسَ	بِضَآرِّهِمْ [12]	شَيْـًٔا	اِلَّا	بِاِذْنِ اللّٰهِ ط
حالانکہ	نہیں	وہ ہرگز نقصان پہنچانے والا اُنہیں	کچھ بھی	مگر	اللہ کے حکم سے

وَ	عَلَى اللّٰهِ	فَلْيَتَوَكَّلِ [13][14]	الْمُؤْمِنُوْنَ (10)
اور	اللہ پر	پس چاہیے کہ وہ بھروسا کریں	سب ایمان والے

يٰٓاَيُّهَا [5]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	قِيْلَ [15]
اے	(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو	جب	کہا جائے

لَكُمْ	تَفَسَّحُوْا [14]	فِي الْمَجٰلِسِ	فَافْسَحُوْا
تم سے	تم سب کھلے ہو جاؤ	مجلسوں میں	تو تم سب کھلے ہو جایا کرو

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 لَوْلَا کے بعد فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔

2 یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

3 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

4 بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

5 یَا اور اَیُّھَا دونوں کو ملا کر ترجمہ اے ہے

6 یہاں تَ اور "ا" میں عموماً باہمی طور پر کام کرنے کا مفہوم ہے۔

7 تُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہے۔

8 اِنَّ کے ساتھ مَا ہو تو اس میں صرف یونہی ہے کا مفہوم ہوتا ہے۔

9 فعل کے شروع میں لِ اور آخر میں زبر ہو تو لِ کا ترجمہ تاکہ ہوتا ہے۔

10 حزن کا روٹ دو طرح استعمال ہوتا ہے اگر حَزِنَ یَحْزَنُ ہو تو ترجمہ غمگین ہونا اور اگر حَزَنَ یَحْزُنُ ہو تو ترجمہ غمگین کرنا ہوتا ہے۔

11 وَ کا ترجمہ کبھی حالانکہ بھی ہوتا ہے۔

12 لَیْسَ کے بعد اگر بِ ہو تو اس سے جملے میں تاکید کا مفہوم شامل ہو جاتا ہے اسی لیے ترجمہ ہرگز کیا گیا ہے۔

13 وَ یا فَ کے بعد "لْ" کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

14 اس فعل میں موجود تَ اور شد میں اہتمام سے کام کرنے کا مفہوم ہے۔

15 قِیْلَ دراصل قُوِلَ تھا، وَ کو گرامر کے اصول کے مطابق ی سے بدلا جاتا ہے۔

لَوْلَا يُعَذِّبُنَا اللّٰهُ	(اگر یہ واقعی پیغمبر ہے تو) اللہ ہمیں عذاب کیوں نہیں دیتا
بِمَا نَقُوْلُ ؕ حَسْبُهُمْ جَهَنَّمُ ۚ	اس پر جو ہم کہتے ہیں، انہیں جہنم (ہی) کافی ہے
يَصْلَوْنَهَا ۚ	وہ اس میں داخل ہوں گے
فَبِئْسَ الْمَصِيْرُ ﴿8﴾	پس وہ برا ٹھکانا ہے۔ ﴿8﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو
اِذَا تَنَاجَيْتُمْ	جب تم آپس میں سرگوشی کرو
فَلَا تَتَنَاجَوْا بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ	تو آپس میں گناہ اور زیادتی کی سرگوشی مت کرو
وَمَعْصِيَتِ الرَّسُوْلِ	اور (نہ) رسول کی نافرمانی کی
وَتَنَاجَوْا بِالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ؕ	اور تم آپس میں نیکی اور تقویٰ کی سرگوشی کرو
وَاتَّقُوا اللّٰهَ	اور تم (اس) اللہ سے ڈرو
الَّذِيْۤ اِلَيْهِ تُحْشَرُوْنَ ﴿9﴾	جس کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے۔ ﴿9﴾
اِنَّمَا النَّجْوٰى مِنَ الشَّيْطٰنِ	بیشک (ایسی) سرگوشی تو صرف شیطان (کی طرف) سے ہے
لِيَحْزُنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	تاکہ وہ (اُن لوگوں کو) جو ایمان لائے غم میں ڈالے
وَلَيْسَ بِضَآرِّهِمْ	حالانکہ وہ اُنہیں ہرگز نقصان پہنچانے والا نہیں ہے
شَيْـًٔا اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ	کچھ بھی مگر اللہ کے حکم سے
وَعَلَى اللّٰهِ	اور اللہ ہی پر
فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ ﴿10﴾	پس چاہیے کہ مومن بھروسا کریں۔ ﴿10﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو
اِذَا قِيْلَ لَكُمْ تَفَسَّحُوْا	جب تم سے کہا جائے کھلے ہو جاؤ
فِي الْمَجٰلِسِ فَافْسَحُوْا	مجلسوں میں (اور بیٹھنے کی جگہ دو) تو کھلے ہو جایا کرو

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

يُعَذِّبُنَا	:عذاب، عذابِ الٰہی۔
بِمَا	:ماتحت، ماحول، ماجرا۔
نَقُوْلُ	:قول، اقوالِ زریں۔
جَهَنَّمُ	:عذابِ جہنم، واصلِ جہنم۔
اٰمَنُوْۤا	:امن، ایمان، مومن۔
تَنَاجَيْتُمْ	:مناجات۔
فَلَا	:لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
وَ	:شان وشوکت، عفو ودرگزر۔
مَعْصِيَتِ	:معصیت، عصیاں۔
الرَّسُوْلِ	:رسول، مرسل، رسالت۔
بِالْبِرِّ	:بر، ابرار۔
التَّقْوٰى	:تقویٰ، متقی۔
اِلَيْهِ	:مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
تُحْشَرُوْنَ	:حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
مِنَ	:منجانب، من حیث القوم۔
لِيَحْزُنَ	:حزن وملال، عام الحزن۔
بِضَآرِّهِمْ	:مضرِ صحت، ضرر رساں۔
شَيْـًٔا	:شے، اشیائے خورد ونوش۔
اِلَّا	:الاماشاءاللہ، الا قلیل۔
بِاِذْنِ	:اذنِ عام، اذنِ الٰہی۔
عَلَى	:علی الاعلان، علی العموم۔
فَلْيَتَوَكَّلِ	:توکل، متوکل علی اللہ۔
الْمُؤْمِنُوْنَ	:امن، ایمان، مومن۔
قِيْلَ	:قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
فِي	:فی الحال، فی الحقیقت۔
الْمَجٰلِسِ	:مجلسِ شوریٰ، مجالسِ عزا۔

يَفْسَحِ اللّٰهُ [1]	لَكُمْ ج [2]	وَاِذَا	قِيْلَ	انْشُزُوْا
اللہ فراخی کردے گا	تمہارے لیے	اور جب	کہا جائے	تم سب اُٹھ کھڑے ہو

فَانْشُزُوْا	يَرْفَعِ اللّٰهُ [1]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا
توتم سب اُٹھ کھڑے ہوا کرو	اللہ بلند کرے گا	(اُن لوگوں کو) جو	سب ایمان لائے

مِنْكُمْ لا	وَ	الَّذِيْنَ	اُوْتُوا [3]	الْعِلْمَ	دَرَجٰتٍ ط [4]
تم میں سے	اور	(اُن لوگوں کو) جو	سب دیے گئے	علم	درجوں (میں)

وَاللّٰهُ	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ	خَبِيْرٌ [5] (11)	يٰٓاَيُّهَا [6]
اور اللہ	(اس) سے جو	تم سب کرتے ہو	خوب خبردار (ہے)	اے

الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْٓا	اِذَا	نَاجَيْتُمُ	الرَّسُوْلَ
(وہ لوگو) جو	سب ایمان لائے ہو	جب	تم سرگوشی کرو	رسول (سے)

فَقَدِّمُوْا [7]	بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ [8]	صَدَقَةً ط [9][4]	ذٰلِكَ [10]	خَيْرٌ
توتم سب پیش کرو	اپنی سرگوشی سے پہلے	کچھ صدقہ	یہ	بہتر (ہے)

لَّكُمْ [2]	وَ	اَطْهَرُ ط [11]	فَاِنْ	لَّمْ تَجِدُوْا [12]	فَاِنَّ اللّٰهَ
تمہارے لیے	اور	زیادہ پاکیزہ (ہے)	پھر اگر	نہ تم سب پاؤ	تو بے شک اللہ

غَفُوْرٌ [5]	رَّحِيْمٌ [5] (12)	ءَ	اَشْفَقْتُمْ	اَنْ	تُقَدِّمُوْا
بہت بخشنے والا	بڑا مہربان (ہے)	کیا	تم ڈر گئے ہو	(اس سے) کہ	تم سب پیش کرو

بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ [8]	صَدَقٰتٍ ط [9][4]	فَاِذْ	لَمْ تَفْعَلُوْا [12]
اپنی سرگوشی سے پہلے	کچھ صدقات	پھر جب	نہ تم سب نے (ایسا) کیا

وَ	تَابَ اللّٰهُ [13][1]	عَلَيْكُمْ [14]	فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ [4]	وَ
اور	متوجہ ہوا اللہ	تم پر	توتم سب نماز قائم کرو	اور

اٰتُوا الزَّكٰوةَ [4]	وَ	اَطِيْعُوا اللّٰهَ	وَ
تم سب زکوٰۃ ادا کرو	اور	تم سب اللہ کی اطاعت کرو	اور

رَسُوْلَهٗ ط	وَاللّٰهُ	خَبِيْرٌ [5]	بِمَا	تَعْمَلُوْنَ ع (13)
اسکے رسول (کی)	اور اللہ	خوب خبردار (ہے)	(اس) سے جو	تم سب کرتے ہو

ع 2 7 2

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔ اور یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[2] لَكُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کیلیے لَ استعمال ہوا ہے۔

[3] یہ دراصل اُوْتِيُوْا تھا، گرامر کے اصول کے مطابق اُوْتُوْا ہو گیا ہے۔

[4] ة اور ات مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[5] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغ کا مفہوم ہوتا ہے۔

[6] یا اور اَیُّھَا دونوں کو ملا کر ترجمہ اے ہے

[7] ہر مسلمان چاہتا کہ وہ نبی ﷺ سے خلوت میں بات کرے جس سے آپ ﷺ کو تکلیف ہوتی تھی یہ حکم نازل فرما کر سرگوشی کرنے کی حوصلہ شکنی کی گئی ہے۔

[8] بَيْنَ يَدَيْ کا لفظی ترجمہ دونوں ہاتھوں کے درمیان ہے اور اس سے مُراد پہلے ہے یعنی سرگوشی کرنے سے پہلے صدقہ دو۔

[9] ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کچھ کیا گیا ہے۔

[10] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

[11] اسم کے شروع میں "اَ" میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[12] علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

[13] اگر تَابَ کے بعد عَلٰی ہو تو مراد توبہ قبول کرنا ہوتا ہے اور اگر اِلٰی ہو تو اس میں توبہ کرنے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[14] نبی ﷺ سے سرگوشی سے پہلے صدقہ کرنے کا حکم بہت مسلمانوں پر شاق گزرا تو اللہ نے اس آیت میں اس حکم کو منسوخ فرما دیا۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

يَفْسَحِ اللّٰهُ لَكُمْ ج	اللہ تمہارے لیے فراخی کر دے گا
وَ اِذَا قِيْلَ انْشُزُوْا	اور جب کہا جائے اُٹھ کھڑے ہو
فَانْشُزُوْا	تو تم اُٹھ کھڑے ہوا کرو
يَرْفَعِ اللّٰهُ الَّذِيْنَ	اللہ بلند کرے گا (اُن لوگوں کو) جو
اٰمَنُوْا مِنْكُمْ لا وَالَّذِيْنَ	تم میں سے ایمان لائے اور اُن (لوگوں کو) جو
اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجٰتٍ ط وَاللّٰهُ	علم دیے گئے درجوں میں، اور اللہ
بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿11﴾	اس سے جو تم عمل کرتے ہو خوب خبردار ہے۔ ﴿11﴾
يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو
اِذَا نَاجَيْتُمُ الرَّسُوْلَ فَقَدِّمُوْا	جب تم رسول سے سرگوشی کرو تو پیش کرو
بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقَةً ط	اپنی سرگوشی سے پہلے (مساکین کو) کچھ صدقہ
ذٰلِكَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَاَطْهَرُ ط	یہ تمہارے لیے بہتر ہے اور زیادہ پاکیزہ ہے
فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاِنَّ اللّٰهَ	پھر اگر تم (کوئی صدقہ) نہ پاؤ تو بے شک اللہ
غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿12﴾	بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے۔ ﴿12﴾
ءَاَشْفَقْتُمْ اَنْ تُقَدِّمُوْا	کیا تم ڈر گئے ہو (اس سے) کہ تم پیش کرو
بَيْنَ يَدَيْ نَجْوٰىكُمْ صَدَقٰتٍ ط	اپنی سرگوشی سے پہلے کچھ صدقات
فَاِذْ لَمْ تَفْعَلُوْا	پھر جب تم نے (ایسا) نہ کیا
وَتَابَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ	اور اللہ تم پر متوجہ ہوا (یعنی اس نے تم پر مہربانی کی)
فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ	تو تم نماز قائم کرتے رہو اور زکوٰۃ ادا کرتے رہو
وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ط وَاللّٰهُ	اور اللہ اور اسکے رسول کی اطاعت کرو، اور اللہ
خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ع ﴿13﴾	خوب خبردار ہے اس سے جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿13﴾ ع 2 7 2

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

قِيْلَ	: قول، اقوال، مقولہ۔
يَرْفَعِ	: اعلیٰ وارفع، رفعت۔
اٰمَنُوْۤا	: امن، ایمان، مومن۔
مِنْكُمْ	: منجانب، من حیث القوم۔
وَ	: شان وشوکت، رحم وکرم۔
الْعِلْمَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
دَرَجٰتٍ	: درجہ، درجات، بدرجہ اتم۔
بِمَا	: بالکل، بالمقابل/ماتحت۔
تَعْمَلُوْنَ	: عمل، اعمال، معمول۔
خَبِيْرٌ	: خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔
نَاجَيْتُمُ	: مناجات۔
الرَّسُوْلَ	: رسول، رسالت، مرسل۔
فَقَدِّمُوْا	: قدم، مقدمہ الجیش، تقدیم۔
بَيْنَ	: بین بین، بین الاقوامی۔
يَدَيْ	: ید بیضاء، رفع الیدین۔
صَدَقَةً	: صدقہ، صدقات۔
خَيْرٌ	: خیروعافیت، خیریت۔
اَطْهَرُ	: طاہر، طہارت۔
تَجِدُوْا	: وجود، موجود، ایجاد۔
غَفُوْرٌ	: مغفرت، استغفار۔
رَّحِيْمٌ	: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔
تَفْعَلُوْا	: فعل، فاعل، مفعول۔
تَابَ	: توبہ، تائب۔
فَاَقِيْمُوا	: قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
الصَّلٰوةَ	: صوم وصلوٰۃ، صلاۃ تسبیح۔
اَطِيْعُوا	: اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔
رَسُوْلَهٗ	: رسول اللہ، رسالت۔
بِمَا	: بالکل، بالمقابل/ماتحت۔
خَبِيْرٌ	: خبر، اخبار، مخبر، خبردار، باخبر۔
تَعْمَلُوْنَ	: عمل، اعمال، معمول۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اَ	لَمْ تَرَ [1]	اِلَى الَّذِيْنَ	تَوَلَّوْا [2]	قَوْمًا [3]
کیا	نہیں آپ نے دیکھا	(اُن لوگوں) کی طرف جن	سب نے دوست بنایا	ایک (ایسی) قوم کو

غَضِبَ اللّٰهُ [4]	عَلَيْهِمْ ط	مَا [5]	هُمْ [6]	مِّنْكُمْ	وَلَا
اللہ غضبناک ہوا	اُن پر	نہ	وہ سب	تم سے (ہیں)	اور نہ

مِنْهُمْ لا	وَ [7]	يَحْلِفُوْنَ	عَلَى الْكَذِبِ	وَ [7]	هُمْ [6]
ان (یہودیوں) سے	اور	وہ سب قسمیں کھاتے ہیں	جھوٹ پر	حالانکہ	وہ سب

يَعْلَمُوْنَ (14)	اَعَدَّ اللّٰهُ [4]	لَهُمْ [8]	عَذَابًا شَدِيْدًا ط
وہ سب جانتے ہیں	تیار کر رکھا ہے اللہ نے	اُن کے لیے	سخت عذاب

اِنَّهُمْ	سَآءَ	مَا [5]	كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ [9] (15)	اِتَّخَذُوْٓا
بے شک وہ (لوگ)	بُرا ہے	جو	وہ سب کر رہے ہیں	اُنھوں نے بنا رکھا ہے

اَيْمَانَهُمْ [10]	جُنَّةً [11]	فَصَدُّوْا	عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	فَلَهُمْ [8]
اپنی قسموں کو	ڈھال	پس اُنہوں نے روکا	اللہ کی راہ سے	سو اُن کے لیے

عَذَابٌ	مُّهِيْنٌ [12] (16)	لَنْ [13]	تُغْنِيَ [14]	عَنْهُمْ	اَمْوَالُهُمْ [10]
عذاب (ہے)	رسوا کرنے والا	ہرگز نہیں	کام آئیں گے	اُن سے	اُن کے مال

وَلَآ	اَوْلَادُهُمْ [10]	مِّنَ اللّٰهِ	شَيْـًٔا ط	اُولٰٓئِكَ
اور نہ	اُن کی اولاد	اللہ سے	کچھ بھی	وہ (لوگ)

اَصْحٰبُ النَّارِ ط	هُمْ [6]	فِيْهَا	خٰلِدُوْنَ (17)	يَوْمَ
آگ والے (ہیں)	وہ سب	اس میں	ہمیشہ رہنے والے (ہیں)	(جس) دن

يَبْعَثُهُمُ [10]	اللّٰهُ	جَمِيْعًا	فَيَحْلِفُوْنَ	لَهٗ [8]
وہ اُٹھائے گا اُنہیں	اللہ	سب کو	تو وہ سب قسمیں کھائیں گے	اس کے سامنے

كَمَا [5]	يَحْلِفُوْنَ	لَكُمْ [8]	وَيَحْسَبُوْنَ	اَنَّهُمْ
جس طرح	وہ سب قسمیں کھاتے ہیں	تمہارے سامنے	اور وہ سب سمجھیں گے	کہ بیشک وہ

عَلٰى شَيْءٍ ط	اَلَآ	اِنَّهُمْ	هُمُ الْكٰذِبُوْنَ (18)
کسی چیز (یعنی دلیل) پر (ہیں)	خبردار	بے شک وہ	ہی سب جھوٹے ہیں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 تَرَ دراصل تَرَاْیُ تھا گرامر کے اصول کے مطابق "اَ" کی زبر پچھلے حرف کو دے کر اُسے اور یُ کو حذف کیا گیا ہے۔

2 یہاں تَ اور شد میں اہتمام سے کام کرنے کا مفہوم ہے ۔

3 یہاں قَوْمًا سے مراد یہود ہیں جن پر اللہ کا غضب ہوا اور دوستی کرنے والوں سے مراد منافقین ہیں ۔

4 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

5 مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

6 علامت هُمْ اگر الگ استعمال ہو تو ترجمہ وہ سب کیا جاتا ہے ۔

7 وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی حالانکہ یا قسم ہے بھی ترجمہ ہوتا ہے۔

8 لَهُمْ، لَكُمْ اور لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کیلیے لَ ہو جاتا ہے

9 وْا اور وْنَ دونوں کو ملا کر ترجمہ سب ہے۔

10 هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ان کا یا اپنا اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

11 ۃ واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں ۔

12 یہ دراصل مُهْوِنٌ تھا شروع میں مُـ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے، قاعدے کے مطابق وِ کی زیر پچھلے حرف کو دے کر ی سے بدلا گیا ہے۔

13 فعل سے پہلے علامت لَنْ ہو تو مستقبل میں تاکید کے ساتھ نفی کا مفہوم ہوتا ہے۔

14 تُ فعل کے شروع میں واحد مؤنث کی علامت ہے، اور کبھی یہ فعل جمع کیلیے بھی آتا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اَلَمْ تَرَ اِلَى	کیا آپ نے اُن (لوگوں) کی طرف نہیں دیکھا
الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا قَوْمًا	جنہوں نے ایک (ایسی) قوم کو دوست بنایا
غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ؕ	جن پر اللہ غضبناک ہوا
مَا هُمْ مِّنْكُمْ وَلَا مِنْهُمْ ۙ	وہ (منافق) نہ تم سے ہیں اور نہ ان (یہودیوں) سے ہیں
وَيَحْلِفُوْنَ عَلَى الْكَذِبِ	اور وہ جھوٹ پر قسمیں کھاتے ہیں
وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿14﴾	حالانکہ وہ جانتے ہیں۔ ﴿14﴾
اَعَدَّ اللّٰهُ لَهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا ؕ	اللہ نے انکے لیے سخت عذاب تیار کر رکھا ہے
اِنَّهُمْ سَآءَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿15﴾	بیشک وہ (لوگ) جو کچھ کر رہے ہیں وہ برا ہے۔ ﴿15﴾
اِتَّخَذُوْٓا اَيْمَانَهُمْ جُنَّةً	انہوں نے اپنی قسموں کو ڈھال بنا رکھا ہے
فَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ	پس انہوں نے اللہ کی راہ سے روکا
فَلَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿16﴾	سو اُن کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے۔ ﴿16﴾
لَنْ تُغْنِيَ عَنْهُمْ اَمْوَالُهُمْ	اُن کے مال اُن کے ہرگز کام نہیں آئیں گے
وَلَآ اَوْلَادُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ	اور نہ انکی اولاد اللہ کے (عذاب کے) مقابلے میں
شَيْـًٔا ؕ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ؕ	کچھ بھی، وہ (لوگ) آگ (میں رہنے) والے ہیں
هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿17﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ﴿17﴾
يَوْمَ يَبْعَثُهُمُ اللّٰهُ جَمِيْعًا	جس دن اللہ انہیں سب کو اُٹھائے گا
فَيَحْلِفُوْنَ لَهٗ	تو وہ اس کے سامنے قسمیں کھائیں گے
كَمَا يَحْلِفُوْنَ لَكُمْ	جس طرح وہ تمہارے سامنے قسمیں کھاتے ہیں
وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ عَلٰى شَيْءٍ ؕ	اور وہ سمجھیں گے کہ بیشک وہ کسی چیز (یعنی دلیل) پر ہیں
اَلَآ اِنَّهُمْ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿18﴾	خبردار بے شک وہی جھوٹے ہیں۔ ﴿18﴾

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

تَرَ	: رویت، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
اِلَى	: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
قَوْمًا	: قوم، اقوام، قومیت۔
غَضِبَ	: غیظ وغضب، غضبناک۔
عَلَيْهِمْ	: علی الاعلان، علی العموم۔
مِّنْكُمْ	: منجانب، من حیث القوم۔
وَ	: شام وسحر، رحم وکرم۔
لَا	: لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
يَحْلِفُوْنَ	: حلف، بیان حلفی۔
الْكَذِبِ	: کذب بیانی، کذاب۔
يَعْلَمُوْنَ	: علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
اَعَدَّ	: استعداد، اعداد، مستعد۔
شَدِيْدًا	: شدید، اشد، متشدد، تشدد۔
سَآءَ	: علمائے سوء، اعمال سیئہ۔
مَا	: ماحول، ماورائے آئین۔
اِتَّخَذُوْٓا	: اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
سَبِيْلِ	: فی سبیل اللہ۔
مُّهِيْنٌ	: توہین، اہانت۔
تُغْنِيَ	: مستغنی، استغنا۔
اَمْوَالُهُمْ	: مال ودولت، مال وجان۔
اَوْلَادُهُمْ	: اولاد، مولود، ولادت۔
اَصْحٰبُ	: اصحابِ صفہ، اصحاب رسول۔
النَّارِ	: نوری ناری مخلوق۔
خٰلِدُوْنَ	: خالد، خلد بریں۔
يَوْمَ	: یوم، ایام، یوم آخرت۔
يَبْعَثُهُمْ	: بعث بعد الموت، بعثت۔
جَمِيْعًا	: جمع، جمیع، جامع، مجمع۔
كَمَا	: کالعدم، کماحقہ / ماتحت۔
شَيْءٍ	: شے، اشیائے خورد ونوش۔
الْكٰذِبُوْنَ	: کذب بیانی، کذاب۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

اِسْتَحْوَذَ	عَلَيْهِمُ	الشَّيْطٰنُ	فَاَنْسٰهُمْ	ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ
غالب آ گیا ہے	اُن پر	شیطان	پس اُس نے بھلا دی انہیں	اللہ کی یاد

اُولٰٓئِكَ [1]	حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ	اَلَآ [2]	اِنَّ [3]	حِزْبَ الشَّيْطٰنِ
وہی (لوگ)	شیطان کا گروہ (ہیں)	خبردار	بیشک	شیطان کا گروہ

هُمُ الْخٰسِرُوْنَ [4] (19)	اِنَّ [3]	الَّذِيْنَ	يُحَآدُّوْنَ
ہی سب خسارہ پانے والے (ہیں)	بے شک	(وہ لوگ) جو	وہ سب مخالفت کرتے ہیں

اللّٰهَ [5]	وَرَسُوْلَهٗ [6]	اُولٰٓئِكَ [1]	فِي الْاَذَلِّيْنَ (20)
اللہ (کی)	اور اس کے رسول (کی)	وہی (لوگ)	ذلیل ترین لوگوں میں (سے ہیں)

كَتَبَ اللّٰهُ [5]	لَاَغْلِبَنَّ [7]	اَنَا	وَ
اللہ نے لکھ دیا (ہے)	(کہ) ضرور بالضرور میں غالب رہوں گا	میں	اور

رُسُلِيْ ؕ	اِنَّ اللّٰهَ [3]	قَوِيٌّ [8]	عَزِيْزٌ [8] (21)
میرے رسول	بے شک اللہ	بہت طاقتور	نہایت غالب (ہے)

لَا تَجِدُ	قَوْمًا [5][9]	يُّؤْمِنُوْنَ	بِاللّٰهِ [10]
نہیں آپ پائیں گے	(ایسی) کوئی قوم	وہ سب ایمان رکھتے ہوں	اللہ پر

وَ	الْيَوْمِ الْاٰخِرِ	يُوَآدُّوْنَ [11]	مَنْ
اور	آخرت کے دن (پر)	(اور پھر) وہ سب محبت کا اظہار کرتے ہیں	(اُن سے) جنہوں نے

حَآدَّ اللّٰهَ [5]	وَ	رَسُوْلَهٗ [6]	وَلَوْ [12]	كَانُوْٓا
اللہ کی مخالفت کی	اور	اس کے رسول (کی)	اور اگرچہ	وہ سب ہوں

اٰبَآءَهُمْ [13]	اَوْ	اَبْنَآءَهُمْ [13]	اَوْ	اِخْوَانَهُمْ [13]
ان کے باپ	یا	ان کے بیٹے	یا	ان کے بھائی

اَوْ	عَشِيْرَتَهُمْ [13] ؕ	اُولٰٓئِكَ [1]	كَتَبَ
یا	اُن کا خاندان	وہی (لوگ ہیں کہ)	اس نے لکھ دیا ہے

فِيْ قُلُوْبِهِمُ [13]	الْاِيْمَانَ [5]	وَ	اَيَّدَهُمْ [13]
اُن کے دلوں میں	ایمان	اور	قوت بخشی ہے انہیں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. اُولٰٓئِكَ جمع مذکر و مؤنث کیلیے اسم اشارہ بعید ہے اور عموماً بات میں زور ڈالنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔
2. اَلَآ حرف تنبیہ ہے اسکا ترجمہ سنو، آگاہ رہو یا خبردار ہوتا ہے۔
3. اِنَّ اسم کے شروع میں تاکید کی علامت ہے، جس کا ترجمہ بیشک، بلاشبہ، یقیناً اور درحقیقت کیا جاتا ہے۔
4. هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں ہی کا مفہوم ہوتا ہے ۔
5. فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں زبر ہو تو وہ اسم اس فعل کا مفعول اور ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔
6. ہٗ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ اسکا، اسکی، اسکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔
7. فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے ۔
8. اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔
9. ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔
10. بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی کا، کی، کے، کو کبھی پر کبھی بدلہ وغیرہ کیا جاتا ہے۔
11. يُوَآدُّوْنَ دراصل يُوَآدِدُوْنَ تھا پہلی د کو ساکن کر کے دوسری میں مدغم کیا گیا ہے
12. لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر یا اگرچہ اور کبھی کاش ہوتا ہے۔
13. هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں کیا جاتا ہے۔

اِسْتَحْوَذَ عَلَيْهِمُ الشَّيْطٰنُ	اُن پر شیطان غالب آ گیا ہے
فَاَنْسٰهُمْ ذِكْرَ اللّٰهِ ؕ	پس اُس نے انہیں اللہ کی یاد بھلا دی ہے
اُولٰٓئِكَ حِزْبُ الشَّيْطٰنِ ؕ	یہی (لوگ) شیطان کا گروہ ہیں
اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ	خبردار بے شک شیطان کے گروہ (کے لوگ)
هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ﴿19﴾	ہی خسارہ پانے والے ہیں۔ ﴿19﴾
اِنَّ الَّذِيْنَ يُحَآدُّوْنَ	بے شک (وہ لوگ) جو مخالفت کرتے ہیں
اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗٓ	اللہ اور اس کے رسول کی
اُولٰٓئِكَ فِي الْاَذَلِّيْنَ ﴿20﴾	وہی (لوگ) ذلیل ترین لوگوں میں سے ہیں۔ ﴿20﴾
كَتَبَ اللّٰهُ	اللہ نے لکھ دیا ہے
لَاَغْلِبَنَّ اَنَا	(کہ) ضرور بالضرور میں غالب رہوں گا
وَرُسُلِيْ ؕ	اور میرے رسول (بھی)
اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿21﴾	بیشک اللہ بہت طاقتور نہایت غالب ہے۔ ﴿21﴾
لَا تَجِدُ قَوْمًا	آپ نہیں پائیں گے (ایسی) کوئی قوم
يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ	(کہ) وہ اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتے ہیں
يُوَآدُّوْنَ	(اور پھر) وہ محبت (یعنی دوستی) کرتے ہوں (اُن سے)
مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	جنہوں نے اللہ اور اس کے رسول کی مخالفت کی
وَلَوْ كَانُوْٓا اٰبَآءَهُمْ اَوْ اَبْنَآءَهُمْ	اور اگرچہ وہ ان کے باپ یا ان کے بیٹے ہوں
اَوْ اِخْوَانَهُمْ اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ ؕ	یا ان کے بھائی یا ان کے خاندان (ہی کے لوگ) ہوں
اُولٰٓئِكَ كَتَبَ	یہی (لوگ) ہیں (کہ اللہ نے) لکھ دیا ہے
فِيْ قُلُوْبِهِمُ الْاِيْمَانَ وَاَيَّدَهُمْ	ان کے دلوں میں ایمان اور انہیں قوت بخشی ہے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- عَلَيْهِمْ : علی الاعلان، علی العموم۔
- فَاَنْسٰهُمْ : نسیان، نسیاً منسیاً۔
- ذِكْرَ : ذکر، اذکار، تذکیر۔
- حِزْبُ : حزب اللہ، حزب اختلاف۔
- الْخٰسِرُوْنَ : خسارہ، خائب وخاسر۔
- وَ : سحر وافطار، مشرق ومغرب۔
- رَسُوْلَهٗ : رسول، مرسل، رسالت۔
- فِيْ : فی الحال، فی الحقیقت۔
- الْاَذَلِّيْنَ : ذلت ورسوائی، ذلت آمیز۔
- كَتَبَ : کتاب، کُتب، کاتب۔
- لَاَغْلِبَنَّ : غالب، غلبہ، مغلوب۔
- قَوِيٌّ : قوت، قوی، مقوی۔
- لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
- تَجِدُ : وجود، موجود، ایجاد۔
- قَوْمًا : قوم، اقوام، من حیث القوم۔
- يُّؤْمِنُوْنَ : امن، ایمان، مومن۔
- وَ : سحر وافطار، رحم وکرم۔
- الْيَوْمِ : یوم، ایام، یوم آزادی۔
- الْاٰخِرِ : آخرت، یوم آخرت۔
- يُوَآدُّوْنَ : مودت ومحبت۔
- اٰبَآءَهُمْ : آباؤ اجداد، آبائی علاقہ۔
- اَبْنَآءَهُمْ : ابنائے جامعہ، ابن عمر۔
- اِخْوَانَهُمْ : اخوت، مؤاخات، اخوان۔
- كَتَبَ : کتاب، کُتب، کاتب۔
- فِيْ : فی الحال، فی سبیل اللہ۔
- قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، امراض قلب۔
- الْاِيْمَانَ : امن، ایمان، مومن۔
- اَيَّدَهُمْ : تائید، مؤید۔

بِرُوۡحٍ [1]	مِّنۡهُ ؕ [2]	وَ	يُدۡخِلُهُمۡ [3]	جَنّٰتٍ [4]
ایک روح کے ساتھ	اپنی طرف سے	اور	وہ داخل کرے گا اُنہیں	(ایسے) باغات میں

تَجۡرِيۡ [4]	مِنۡ تَحۡتِهَا	الۡاَنۡهٰرُ	خٰلِدِيۡنَ
(کہ) بہتی ہوں گی	ان کے نیچے سے	نہریں	(وہ) سب ہمیشہ رہنے والے (ہیں)

فِيۡهَا ؕ	رَضِيَ اللّٰهُ [5]	عَنۡهُمۡ	وَ	رَضُوۡا
ان میں	اللہ راضی ہوگیا	ان سے	اور	وہ سب راضی ہوگئے

عَنۡهُ ؕ	اُولٰٓئِكَ [6]	حِزۡبُ اللّٰهِ ؕ	اَلَاۤ
اس سے	وہی (لوگ)	اللہ کا گروہ (ہیں)	خبردار

اِنَّ	حِزۡبَ اللّٰهِ	هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ [7] [8] ع (22)
بے شک	اللہ کے گروہ (کے لوگ)	ہی سب فلاح پانے والے (ہیں)

اٰیَاتُھَا:24 — 59سُوۡرَةُ الۡحَشۡرِ مَدَنِيَّةٌ 101 — رُکُوعَاتُھَا:3

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

سَبَّحَ	لِلّٰهِ [9]	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ [4]	وَمَا
تسبیح بیان کرتی ہے	اللہ کی	جو	آسمانوں میں (ہے)	اور جو

فِي الۡاَرۡضِ ۚ	وَ	هُوَ الۡعَزِيۡزُ [10] [7]	الۡحَكِيۡمُ [10] (1)
زمین میں (ہے)	اور	وہی نہایت غالب	بہت حکمت والا (ہے)

هُوَ	الَّذِيۡۤ	اَخۡرَجَ [11]	الَّذِيۡنَ
وہ	جس نے	نکالا	(ان لوگوں کو) جن

كَفَرُوۡا	مِنۡ اَهۡلِ الۡكِتٰبِ	مِنۡ دِيَارِهِمۡ [3]
سب نے کفر کیا	اہلِ کتاب میں سے	ان کے گھروں سے

لِاَوَّلِ الۡحَشۡرِ ؕ [12] [13]	مَا ظَنَنۡتُمۡ	اَنۡ	يَّخۡرُجُوۡا
حشر اول (یعنی پہلی جلاوطنی) میں	تم نے گمان (بھی) نہیں کیا تھا	کہ	وہ سب نکل جائیں گے

وَ	ظَنُّوۡۤا	اَنَّهُمۡ	مَّانِعَتُهُمۡ
اور	اُنہوں نے خیال کیا	کہ بیشک وہ	بچانے والے (ہیں) اُنہیں

ع 9 3

وقف النبی ﷺ

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[2] مِّنۡهُ کے آخر میں ہُ دراصل ہٗ اُلٹا پیش کے ساتھ ہوتا ہے لیکن اگر اس سے پہلے ساکن حرف ہو تو یہ ہُ استعمال ہوتا ہے۔

[3] هُمۡ یا هِمۡ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں اور اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ انکا، انکی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

[4] ات اور ۃ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[5] فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اس فعل کا فاعل ہوتا ہے۔

[6] اُولٰٓئِكَ کا اصل ترجمہ وہ سب ہے ضرورتاً کبھی ترجمہ یہ سب بھی کر دیا جاتا ہے۔

[7] هُمۡ یا هُوَ کے بعد اسم کے شروع میں اَلۡ ہو تو اس میں تاکید کے ساتھ ہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

[8] اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[9] اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کیلیے اور کبھی کا، کی، کے، کو ہوتا ہے۔

[10] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[11] اَخۡرَجَ کے شروع میں "أ" فعل کے معنی میں تبدیلی لانے کیلیے ہے۔ مثلاً: خَرَجَ: نکلا، اَخۡرَجَ: نکالا۔

[12] یہاں لِ کا ترجمہ میں ضرورتاً ہوا ہے۔

[13] یہودیوں کے قبیلے بنو نضیر نے جب عہد شکنی کرتے ہوئے آپ ﷺ کو مار ڈالنے کی سازش کی تو آپ ﷺ نے اُن پر لشکر کشی کی کچھ دن قلعوں میں محصور رہنے کے بعد انہوں نے جلاوطنی پر آمادگی کا اظہار کیا جو نبی ﷺ نے قبول کر لیا چنانچہ یہ لوگ خیبر جاکر آباد ہوئے یہ ان کی پہلی جلاوطنی تھی۔

بِرُوْحٍ مِّنْهُ ؕ — اپنی طرف سے ایک روح (یعنی نور ایمان) کے ساتھ
وَ یُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ — اور وہ انہیں (ایسے) باغات میں داخل کرے گا
تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ — جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی
خٰلِدِیْنَ فِیْهَا ؕ — (وہ) ان میں ہمیشہ رہنے والے ہیں
رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ — اللہ ان سے راضی ہوگیا
وَ رَضُوْا عَنْهُ ؕ — اور وہ اس سے راضی ہوگئے
اُولٰٓئِكَ حِزْبُ اللّٰهِ ؕ — وہی (لوگ) اللہ کا گروہ ہیں
اَلَاۤ اِنَّ حِزْبَ اللّٰهِ — خبردار بے شک اللہ کے گروہ (کے لوگ)
ع 3 9 هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿22﴾ — ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ﴿22﴾

اٰیَاتُهَا: 24	59 سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِیَّةٌ 101	رُكُوْعَاتُهَا: 3

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

سَبَّحَ لِلّٰهِ — اللہ کی تسبیح بیان کرتی ہے (ہر چیز)
مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ ۚ — جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے
وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ﴿1﴾ — اور وہی نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ ﴿1﴾
هُوَ الَّذِیْۤ اَخْرَجَ الَّذِیْنَ — وہی تو ہے جس نے نکال دیا ان (لوگوں) کو جنہوں نے
كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ — کفر کیا اہلِ کتاب میں سے
مِنْ دِیَارِهِمْ لِاَوَّلِ الْحَشْرِ ؕ — ان کے گھروں سے حشر اول (یعنی پہلی جلاوطنی) میں
مَا ظَنَنْتُمْ — تم نے گمان (بھی) نہیں کیا تھا
اَنْ یَّخْرُجُوْا وَظَنُّوْۤا — کہ وہ نکل جائیں گے اور انہوں نے خیال کیا تھا
اَنَّهُمْ مَّانِعَتُهُمْ — کہ بے شک انہیں بچانے والے ہیں

وقف النبی ﷺ

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

بِرُوْحٍ	روح، ارواح، روحانیت۔
مِّنْهُ	منجانب، من حیث القوم۔
یُدْخِلُهُمْ	دخل، داخل، داخلہ۔
تَجْرِیْ	جاری، اجرا۔
تَحْتِهَا	ماتحت، تحت الثریٰ۔
الْاَنْهٰرُ	نہر، انہار، نہریں۔
خٰلِدِیْنَ	خالد، خلد بریں۔
فِیْهَا	فی الحال، فی سبیل اللہ۔
رَضِیَ	راضی، رضا، مرضی۔
حِزْبَ	حزب اللہ، حزب الشیطان۔
الْمُفْلِحُوْنَ	فوز وفلاح، فلاح دارین۔
سَبَّحَ	تسبیح، تسبیحات، سبحان اللہ۔
لِلّٰهِ	الحمد للہ، لہٰذا۔
مَا	ماحول، ماتحت، ماجرا۔
فِیْ	فی الحال، فی الحقیقت۔
السَّمٰوٰتِ	ارض وسما، کتب سماویہ۔
وَ	لیل ونہار، رحم وکرم۔
الْاَرْضِ	ارض وسما، قطعہ اراضی۔
الْحَكِیْمُ	حکیم، حکمت، حکیم الامت۔
اَخْرَجَ	خارج، خروج، اخراج۔
كَفَرُوْا	کفر، کافر، کفار، کفار مکہ۔
مِنْ	منجانب، من حیث القوم۔
اَهْلِ	مع اہل وعیال، اہل کتاب۔
الْكِتٰبِ	اہل کتاب، کتابت۔
دِیَارِهِمْ	دار ارقم، دار فانی۔
لِاَوَّلِ	اول وآخر، اولین۔
الْحَشْرِ	حشر، روزِ محشر، حشر ونشر۔
ظَنَنْتُمْ	ظن، بدظن، حسن ظن۔
یَّخْرُجُوْا	خارج، وزیر خارجہ۔

حُصُوْنُهُمْ	مِّنَ اللّٰهِ	فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ [1]	مِنْ حَيْثُ
ان کے قلعے	اللہ سے	پھر آ لیا اُنہیں اللہ نے	جہاں سے

لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ [2]	وَ	قَذَفَ	فِيْ قُلُوْبِهِمُ
نہیں اُن سب نے گمان کیا تھا	اور	اس نے ڈال دیا	انکے دلوں میں

الرُّعْبَ	يُخْرِبُوْنَ	بُيُوْتَهُمْ	بِاَيْدِيْهِمْ [3]
رعب	(کہ) وہ سب اُجاڑ رہے تھے	اپنے گھروں (کو)	اپنے ہاتھوں سے

وَ	اَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ	فَاعْتَبِرُوْا	يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ [4] ۝2
اور	مؤمنوں کے ہاتھوں (سے)	پس تم سب عبرت حاصل کرو	اے آنکھوں والو!

وَ	لَوْلَآ [5]	اَنْ	كَتَبَ اللّٰهُ [1]	عَلَيْهِمُ	الْجَلَآءَ
اور	اگر نہ (ایسا ہوتا)	کہ	اللہ نے لکھ دیا تھا	اُن پر	جلاوطن ہونا

لَعَذَّبَهُمْ [6]	فِي الدُّنْيَا ۭ	وَ	لَهُمْ [7]	فِي الْاٰخِرَةِ
(تو) یقیناً وہ عذاب دیتا اُنہیں	دُنیا میں	اور	ان کے لیے	آخرت میں

عَذَابُ النَّارِ ۝3	ذٰلِكَ [8]	بِاَنَّهُمْ [3]	شَآقُّوا اللّٰهَ [1]
آگ کا عذاب (ہے)	یہ	اس وجہ سے کہ بیشک وہ سب	اُنہوں نے مخالفت کی اللہ کی

وَ	رَسُوْلَهٗ ۚ	وَمَنْ [9]	يُّشَآقِّ اللّٰهَ [1]	فَاِنَّ اللّٰهَ
اور	اس کے رسول کی	اور جو	وہ مخالفت کرے اللہ کی	تو بے شک اللہ

شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۝4	مَا	قَطَعْتُمْ	مِّنْ لِّيْنَةٍ [10][11]
سخت عذاب والا (ہے)	جو	تم نے کاٹا	کوئی کھجور کا درخت

اَوْ	تَرَكْتُمُوْهَا [12]	قَآئِمَةً	عَلٰٓى اُصُوْلِهَا
یا	تم نے چھوڑ دیا اُسے	کھڑا	اس کی جڑوں پر

فَبِاِذْنِ اللّٰهِ [3][13]	وَ	لِيُخْزِيَ	الْفٰسِقِيْنَ ۝5
تو (وہ) اللہ کے حکم سے تھا	اور	تاکہ وہ رُسوا کرے	نافرمانوں (کو)

وَمَآ	اَفَآءَ اللّٰهُ [1]	عَلٰى رَسُوْلِهٖ	مِنْهُمْ
اور جو	لوٹایا اللہ نے	اپنے رسول پر	ان (کے مالوں) سے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 فعل کے بعد ایسا اسم جس کے آخر میں پیش ہو وہ اسم اس فعل کا فاعل اور اگر زبر ہو تو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

2 علامت لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔

3 بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی ، کے، کو کبھی بسبب، بوجہ، بذریعہ اور کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

4 جب یہودیوں کو جلاوطنی کا یقین ہو گیا تو انہوں نے خود اپنے گھروں کو برباد کرنا شروع کر دیا تاکہ مسلمانوں کے کام کے نہ رہیں اور قلعوں کے باہر مسلمانوں نے بھی ان کے گھر برباد کر دیے تاکہ اُن پر گرفت آسان ہو جائے۔

5 لَوْلَآ کے بعد فعل ہو تو ترجمہ کیوں نہیں ورنہ ترجمہ اگر نہ ہوتا ہے۔

6 فعل کے شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور یا یقیناً کیا جاتا ہے۔

7 لَهُمْ میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کیلیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

8 ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ یا اُس ہے، کبھی ضرورتاً ترجمہ یہ یا اِس بھی کر دیا جاتا ہے۔

9 مَنْ کا ترجمہ کبھی جو، جس اور کبھی کون، کس ہوتا ہے۔

10 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں

11 اسم کے آخر میں ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

12 تُمْ کے بعد کوئی اور علامت لگانی ہو تو تُمْ اور اس علامت کے درمیان وُ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔

13 محاصرہ کے دوران مسلمانوں نے بنو نضیر کے کچھ کھجوروں کے درخت جلا دیے اور کچھ کاٹ دیے تاکہ اُن کی آڑ ختم ہو جائے اور کچھ کو چھوڑ دیا تو یہ سب اللہ کے حکم سے تھا۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

حُصُوْنُهُمْ مِّنَ اللّٰهِ	ان کے قلعے اللہ سے
فَاَتٰىهُمُ اللّٰهُ	پھر اللہ نے اُنہیں (وہاں سے) آلیا
مِنْ حَيْثُ لَمْ يَحْتَسِبُوْا ۗ	جہاں سے اُنہوں نے گمان نہیں کیا تھا
وَقَذَفَ فِيْ قُلُوْبِهِمُ الرُّعْبَ	اور اس نے ڈال دیا انکے دلوں میں (ایسا) رعب
يُخْرِبُوْنَ بُيُوْتَهُمْ	(کہ) وہ اپنے گھروں کو اُجاڑ رہے تھے
بِاَيْدِيْهِمْ وَاَيْدِي الْمُؤْمِنِيْنَ ۗ	اپنے ہاتھوں اور مؤمنوں کے ہاتھوں سے
فَاعْتَبِرُوْا يٰٓاُولِي الْاَبْصَارِ ②	پس عبرت حاصل کرو اے آنکھوں والو! ②
وَلَوْلَآ اَنْ كَتَبَ اللّٰهُ	اور اگر (ایسا) نہ ہوتا کہ اللہ نے لکھ دیا تھا
عَلَيْهِمُ الْجَلَآءَ	اُن پر جلاوطن ہونا
لَعَذَّبَهُمْ فِي الدُّنْيَا ۭ وَلَهُمْ	(تو) یقیناً وہ انہیں دنیا میں عذاب دیتا اور انکے لیے
فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابُ النَّارِ ③	آخرت میں آگ کا عذاب ہے۔ ③
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ شَآقُّوا اللّٰهَ	یہ اس وجہ سے کہ بیشک انہوں نے مخالفت کی اللہ
وَرَسُوْلَهٗ ۚ وَمَنْ يُّشَآقِّ اللّٰهَ	اور اسکے رسول کی، اور جو مخالفت کرے اللہ کی
فَاِنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ④	تو بیشک اللہ سخت عذاب (سزا دینے) والا ہے۔ ④
مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ	جو کوئی کھجور کا درخت تم نے کاٹا یا
تَرَكْتُمُوْهَا قَآىِٕمَةً عَلٰٓى اُصُوْلِهَا	تم نے اُسے اُس کی جڑوں پر کھڑا چھوڑ دیا
فَبِاِذْنِ اللّٰهِ	تو (وہ) اللہ کے حکم سے تھا
وَلِيُخْزِيَ الْفٰسِقِيْنَ ⑤	اور تاکہ وہ نافرمانوں کو رُسوا کرے۔ ⑤
وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ	اور جو (مال) اللہ نے لوٹایا
عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ	اپنے رسول پر ان (کے مالوں) سے

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

مِنْ : منجانب، من حیث القوم۔
حَيْثُ : حیثیت، من حیث القوم۔
وَ : شام وسحر، رحم وکرم۔
فِيْ : فی الحال، فی سبیل اللہ۔
قُلُوْبِهِمْ : قلبی تعلق، امراض قلب۔
الرُّعْبَ : رعب ودبدبہ، مرعوب۔
يُخْرِبُوْنَ : خراب، خرابی۔
بُيُوْتَهُمْ : بیت اللہ، اہل بیت۔
بِاَيْدِيْهِمْ : ید بیضاء، رفع الیدین۔
الْمُؤْمِنِيْنَ : امن، ایمان، مومن۔
فَاعْتَبِرُوْا : نشان عبرت، عبرتناک۔
يٰٓاُولِي : اولوالعزم، اولوالعلم۔
الْاَبْصَارِ : سمع وبصر، بصارت، بصیرت۔
كَتَبَ : کتاب، کتابت، مکتوب۔
الْجَلَآءَ : جلاوطن کرنا۔
الدُّنْيَا : دین ودنیا، دنیا وآخرت۔
لَعَذَّبَهُمْ : عذاب، عذاب الٰہی۔
الْاٰخِرَةِ : دنیا وآخرت۔
النَّارِ : نوری ناری مخلوق۔
رَسُوْلَهٗ : رسول، مرسل، رسالت۔
شَدِيْدُ : شدید، اشد، متشدد، تشدد۔
الْعِقَابِ : عقوبت خانہ۔
مَا : ماحول، ماتحت، ماجرا۔
قَطَعْتُمْ : قطع تعلق، قطع رحمی، قاطع۔
تَرَكْتُمُوْهَا : ترک، ترکہ، مال متروکہ۔
قَآىِٕمَةً : قائم، قیام، مقیم، قیامت۔
عَلٰٓى : علی الاعلان، علی العموم۔
فَبِاِذْنِ : اذن عام، اذن الٰہی۔
الْفٰسِقِيْنَ : فسق وفجور، فاسق وفاجر۔
رَسُوْلِهٖ : رسول، مرسل، رسالت۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

فَمَآ [1]	اَوْجَفْتُمْ [2]	عَلَيْهِ	مِنْ خَيْلٍ [3][4]	وَّلَا
تو نہیں	تم نے دوڑائے	اس پر	کوئی گھوڑے	اور نہ
رِكَابٍ [4]	وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ	يُسَلِّطُ	رُسُلَهٗ [5]	عَلٰى مَنْ
کوئی اونٹ	اور لیکن اللہ	وہ مسلط کر دیتا ہے	اپنے رسولوں کو	جس پر
يَّشَآءُ ط	وَ	اللّٰهُ	عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ	قَدِيْرٌ [6] (6)
وہ چاہتا ہے	اور	اللہ	ہر چیز پر	خوب قدرت رکھنے والا (ہے)
مَآ [1]	اَفَآءَ اللّٰهُ [7]	عَلٰى رَسُوْلِهٖ [5]	مِنْ اَهْلِ الْقُرٰى	
جو (کچھ)	اللہ نے لوٹایا	اپنے رسول پر	بستیوں والوں سے	
فَلِلّٰهِ	وَلِلرَّسُوْلِ	وَ	لِذِي الْقُرْبٰى	
تو (وہ) اللہ کے لیے	اور رسول کے لیے	اور	(رسول) کے قرابت والے کے لیے	
وَالْيَتٰمٰى	وَالْمَسٰكِيْنِ [8]	وَ	ابْنِ السَّبِيْلِ لا [9]	كَيْ
اور یتیموں	اور مسکینوں	اور	راستے کے بیٹے (کے لیے)	تاکہ
لَا يَكُوْنَ	دُوْلَةًۢ [10]	بَيْنَ الْاَغْنِيَآءِ	مِنْكُمْ ط	وَمَآ [1]
نہ ہو وہ	(مال) گردش کرنے والا	مال داروں کے درمیان	تم میں سے	اور جو
اٰتٰىكُمُ [11]	الرَّسُوْلُ	فَخُذُوْهُ ق [5][12]	وَمَا [1]	نَهٰىكُمْ [11]
دے تمہیں	رسول	تو سب لے لو اُسے	اور جو	وہ روکے تمہیں
عَنْهُ [13]	فَانْتَهُوْا ج	وَ	اتَّقُوا اللّٰهَ ط	اِنَّ اللّٰهَ
اُس سے	تو تم سب رُک جاؤ	اور	تم سب ڈرو اللہ سے	بے شک اللہ
شَدِيْدُ الْعِقَابِ (7)	لِلْفُقَرَآءِ	الْمُهٰجِرِيْنَ [14]		
سخت سزا (دینے) والا (ہے)	(یہ مال اُن) محتاجوں کے لیے	(جو) سب ہجرت کرنے والے (ہیں)		
الَّذِيْنَ	اُخْرِجُوْا [15]	مِنْ دِيَارِهِمْ [16]	وَ	اَمْوَالِهِمْ [16]
جو	سب نکالے گئے	اپنے گھروں سے	اور	اپنے مالوں سے
يَبْتَغُوْنَ	فَضْلًا	مِّنَ اللّٰهِ	وَرِضْوَانًا	
وہ سب تلاش کرتے ہیں	فضل	اللہ (کی طرف) سے	اور خوشنودی	

وقف لازم

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

2 اَوْجَفْتُمْ کے شروع میں اَوْ کا ترجمہ یا نہیں ہے بلکہ یہ اصل لفظ کا حصہ ہے۔

3 یہاں مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں

4 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

5 هٗ، هٖ کا ترجمہ اسم کے آخر میں اُسکا، یا اپنا اور فعل کے آخر میں اُسے کیا جاتا ہے

6 فَعِيْلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ خوب کیا گیا ہے۔

7 مالِ فَيْ وہ ہوتا ہے جو مال دشمن لڑائی کے بغیر چھوڑ جائے یا صلح کے ذریعے حاصل ہو یہاں مالِ فَيْ کا مصرف بیان کیا جا رہا ہے۔

8 یہاں يْنَ اصل لفظ کا حصہ ہے، اس کا الگ ترجمے کرنے کی ضرورت نہیں۔

9 راستے کے بیٹے سے مراد مسافر ہے۔

10 ة واحد مؤنث کی علامت ہے، اس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

11 كُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ تمہیں کیا جا تا ہے۔

12 وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

13 لفظ کے آخر میں هُ دراصل هٗ تھا اگر اس سے پہلے جزم ہو تو یہ هٗ سے بدل جاتا ہے۔

14 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہے۔

15 فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔

16 هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

فَمَآ اَوۡجَفۡتُمۡ عَلَيۡهِ مِنۡ خَيۡلٍ	تو تم نے اس پر نہ کوئی گھوڑے دوڑائے
وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ	اور نہ کوئی اونٹ اور لیکن اللہ
يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ	اپنے رسولوں کو مسلط (یعنی غالب) کر دیتا ہے
عَلٰى مَنۡ يَّشَآءُ ؕ	جس پر وہ چاہتا ہے
وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿6﴾	اور اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔ ﴿6﴾
مَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوۡلِهٖ	جو کچھ اللہ نے اپنے رسول پر لوٹایا (یعنی دلوایا)
مِنۡ اَهۡلِ الۡقُرٰى	بستیوں والوں (کے مال) سے
فَلِلّٰهِ وَلِلرَّسُوۡلِ	تو (وہ) اللہ کے لیے اور رسول کے لیے
وَلِذِى الۡقُرۡبٰى وَالۡيَتٰمٰى	اور (رسول) کے قرابت والے کے لیے اور یتیموں
وَالۡمَسٰكِيۡنِ وَابۡنِ السَّبِيۡلِ ۙ	اور مسکینوں اور مسافر کے لیے ہے
كَىۡ لَا يَكُوۡنَ دُوۡلَةًۢ	تاکہ نہ ہو وہ (مال) گردش کرنے والا
بَيۡنَ الۡاَغۡنِيَآءِ مِنۡكُمۡ ؕ	تم میں سے مال داروں کے درمیان
وَمَآ اٰتٰٮكُمُ الرَّسُوۡلُ فَخُذُوۡهُ ۚ	اور جو کچھ رسول تمہیں دے تو تم اسے لے لو
وَمَا نَهٰٮكُمۡ عَنۡهُ فَانۡتَهُوۡا ۚ	اور جس سے وہ تمہیں روکے تو تم (اس سے) رک جاؤ
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ	اور تم اللہ سے ڈرو
اِنَّ اللّٰهَ شَدِيۡدُ الۡعِقَابِ ﴿7﴾	بے شک اللہ سخت سزا (دینے) والا ہے۔ ﴿7﴾
لِلۡفُقَرَآءِ الۡمُهٰجِرِيۡنَ	(یہ مال) ان محتاج ہجرت کرنیوالوں کے لیے (بھی) ہے
الَّذِيۡنَ اُخۡرِجُوۡا مِنۡ دِيَارِهِمۡ	جو نکالے (یعنی جدا کر دیے) گئے اپنے گھروں سے
وَاَمۡوَالِهِمۡ يَبۡتَغُوۡنَ	اور اپنے مالوں سے وہ تلاش کرتے ہیں
فَضۡلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضۡوَانًا	اللہ کی طرف سے فضل اور خوشنودی

وقف لازم

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

عَلَيۡهِ : علی الاعلان، علی العموم۔
مِنۡ : منجانب، من حیث القوم۔
وَ : سحر وافطار، رحم وکرم۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
يُسَلِّطُ : تسلط، مسلط۔
يَّشَآءُ : ماشاءاللہ، مشیت۔
كُلِّ : کل نمبر، کل کائنات۔
شَىۡءٍ : شے، اشیائے خوردونوش۔
قَدِيۡرٌ : قدرت، قادر، قدیر۔
رَسُوۡلِهٖ : رسول، مرسل، رسالت۔
اَهۡلِ : اہل کتاب، اہل بیت۔
الۡقُرٰى : قریہ قریہ، بستی بستی۔
لِذِى : ذی شان، ذی وقار۔
الۡقُرۡبٰى : قرب، قریب، قرابت۔
ابۡنِ : ابنائے جامعہ، ابن عمر۔
السَّبِيۡلِ : فی سبیل اللہ۔
بَيۡنَ : بین بین، بین الاقوامی۔
الۡاَغۡنِيَآءِ : غنی، اغنیاء۔
فَخُذُوۡهُ : اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
نَهٰٮكُمۡ : نہی عن المنکر، منہیات۔
شَدِيۡدُ : شدید، اشد، متشدد، تشدد۔
الۡعِقَابِ : عقوبت خانہ۔
لِلۡفُقَرَآءِ : فقر وفاقہ، فقیر، فقراء۔
الۡمُهٰجِرِيۡنَ : مہاجرین، ہجرت، مہاجر۔
اُخۡرِجُوۡا : خارج، خروج، اخراج۔
دِيَارِهِمۡ : دارارقم، دارفانی، دیار غیر
وَ : شان وشوکت، مال ودولت۔
اَمۡوَالِهِمۡ : مال ودولت، مال وجان۔
فَضۡلًا : فضل، فضیلت، افضل۔
رِضۡوَانًا : راضی، رضا، مرضی۔

وَ	يَنْصُرُوْنَ	اللّٰهَ	وَ	رَسُوْلَهٗ ط	اُولٰٓئِكَ
اور	وہ سب مدد کرتے ہیں	اللہ (کی)	اور	اس کے رسول (کی)	وہ (لوگ)

هُمُ الصّٰدِقُوْنَ [1] ج (8)	وَ	الَّذِيْنَ	تَبَوَّءُو [2]
ہی سب سچے (ہیں)	اور	(ان کے لیے بھی) جن	سب نے جگہ بنالی

الدَّارَ [3]	وَ الْاِيْمَانَ	مِنْ قَبْلِهِمْ [4]	يُحِبُّوْنَ
گھر (یعنی مدینے میں)	اور ایمان (میں)	ان (مہاجرین) سے پہلے	وہ سب محبت کرتے ہیں

مَنْ	هَاجَرَ	اِلَيْهِمْ	وَ	لَا يَجِدُوْنَ [5]	فِيْ صُدُوْرِهِمْ [6]
جس نے	ہجرت کی	ان کی طرف	اور	نہیں وہ سب پاتے	اپنے سینوں میں

حَاجَةً [7]	مِّمَّآ [8]	اُوْتُوْا [9]	وَ	يُؤْثِرُوْنَ
کوئی خواہش	(اس) سے جو	وہ سب دیے جائیں	اور	وہ سب ترجیح دیتے ہیں

عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ [6]	وَ	لَوْ	كَانَ	بِهِمْ	خَصَاصَةٌ قف ط
اپنے نفسوں پر	اور	اگرچہ	ہو	ان کو	سخت ضرورت

وَمَنْ	يُّوْقَ	شُحَّ نَفْسِهٖ	فَاُولٰٓئِكَ	هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ [1] ج (9)
اور جو	وہ بچالیا گیا	اپنے نفس کی حرص سے	تو وہی (لوگ)	ہی سب فلاح پانے والے (ہیں)

وَ	الَّذِيْنَ	جَآءُوْ [10]	مِنْۢ بَعْدِهِمْ [11] [6]	يَقُوْلُوْنَ
اور	(ان لوگوں کے لیے) جو	سب آئے	ان کے بعد	وہ سب کہتے ہیں

رَبَّنَا	اغْفِرْ	لَنَا [12]	وَ	لِاِخْوَانِنَا [13]
(اے) ہمارے رب!	تو بخش دے	ہم کو	اور	ہمارے بھائیوں کو

الَّذِيْنَ	سَبَقُوْنَا [14]	بِالْاِيْمَانِ [15]	وَ	لَا تَجْعَلْ
جن	سب نے پہل کی ہم سے	ایمان لانے میں	اور	نہ تو ڈال

فِيْ قُلُوْبِنَا	غِلًّا [7]	لِّلَّذِيْنَ [13]	اٰمَنُوْا
ہمارے دلوں میں	کوئی کینہ	(اُن لوگوں) کے لیے جو	سب ایمان لائے

رَبَّنَآ [16]	اِنَّكَ	رَءُوْفٌ	رَّحِيْمٌ ع (10)
(اے) ہمارے رب!	بے شک تو	بہت شفقت کرنے والا	بڑا مہربان (ہے)

ع 1 10 4

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

2 اس فعل میں موجود تا اور شد میں اہتمام سے کام کرنے کا مفہوم ہے۔

3 اِن سے مراد انصار ہیں اور اَلدَّارَ سے دَارُ الْهِجْرَةِ مدینہ منورہ مراد ہے۔

4 مِنْ قَبْلِهِمْ سے مراد یہ نہیں کہ انصار مہاجرین سے پہلے ایمان لا چکے تھے بلکہ اس سے مراد ان کی ہجرت سے پہلے ہے۔

5 لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

6 هُمْ یا هِمْ اگر اسم کے آخر میں ہوں تو ترجمہ ان کا، ان کی، ان کے یا اپنا، اپنی، اپنے کیا جاتا ہے۔

7 ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کوئی کیا گیا ہے۔

8 مِمَّا دراصل مِنْ + مَا کا مجموعہ ہے۔

9 اُوْتُوْا اصل میں اُوْتِيُوْا تھا، گرامر کے اصول کے مطابق اُوْتُوْا ہو گیا ہے۔

10 جَآءُوْ کے آخر میں وْا کا "ا" قرآنی کتابت میں موجود نہیں ہے۔

11 لفظ بَعْدِ سے پہلے اگر مِنْ ہو تو مِنْ کے ترجمے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

12 لَنَا میں لَ دراصل لِ تھا پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ ہو گیا ہے۔

13 اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کیلیے اور کبھی کا، کی، کو بھی ہوتا ہے۔

14 علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

15 یہاں بِ کا ترجمہ میں ضرورتاً کیا گیا ہے۔

16 یہ دراصل یَا رَبَّنَا تھا، شروع سے یَا محذوف ہے، اسی کا ترجمہ اے کیا گیا ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

آیت	ترجمہ
وَّيَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ	اور وہ اللہ اور اس کے رسول کی مدد کرتے ہیں
اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۚ﴿8﴾	وہ (لوگ) ہی سچے ہیں۔ ﴿8﴾
وَالَّذِيْنَ تَبَوَّؤُو	اور (ان کے لیے بھی ہے) جنھوں نے جگہ بنالی
الدَّارَ وَالْاِيْمَانَ	(اس) گھر (یعنی مدینے) میں اور ایمان میں
مِنْ قَبْلِهِمْ يُحِبُّوْنَ	ان (مہاجرین) سے پہلے، وہ محبت کرتے ہیں
مَنْ هَاجَرَ اِلَيْهِمْ	(اُن سے) جس نے ان کی طرف ہجرت کی
وَلَا يَجِدُوْنَ فِيْ صُدُوْرِهِمْ	اور وہ نہیں پاتے اپنے سینوں میں
حَاجَةً مِّمَّآ اُوْتُوْا	کوئی خواہش (اور خلش) اس سے جو وہ دیے جائیں
وَيُؤْثِرُوْنَ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ	اور وہ (ان کو) اپنے آپ پر ترجیح دیتے ہیں
وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ ۗ قف	اور اگرچہ ان کو سخت ضرورت ہی ہو
وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ	اور جو بچالیا گیا اپنے نفس کی حرص (یا بخل) سے
فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۚ﴿9﴾	تو وہ (لوگ) ہی فلاح پانے والے ہیں۔ ﴿9﴾
وَالَّذِيْنَ جَآءُوْ مِنْۢ بَعْدِهِمْ	اور (ان لوگوں کے لیے) جو ان (مہاجرین) کے بعد آئے
يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا	وہ کہتے ہیں اے ہمارے رب! ہمیں بخش دے
وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ	اور ہمارے (ان) بھائیوں کو (بھی) جنھوں نے
سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ	ایمان لانے میں ہم سے پہل کی
وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا	اور ہمارے دلوں میں کوئی کینہ نہ ڈال
لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا	ان (لوگوں) کے لیے جو ایمان لائے
رَبَّنَآ اِنَّكَ	(اے) ہمارے رب! بے شک تو
رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿10﴾ ع	بہت شفقت کرنے والا بڑا مہربان ہے۔ ﴿10﴾

ركوع ع 1 10 4

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

- وَ: عفو و درگزر، رحم وکرم۔
- يَنْصُرُوْنَ: نصرت، ناصر، انصار۔
- رَسُوْلَهٗ: رسول، رسالت، مرسل۔
- الصّٰدِقُوْنَ: صداقت، صادق وامین۔
- الدَّارَ: دارارقم، دارِفانی، دیارِغیر۔
- الْاِيْمَانَ: امن، ایمان، مومن۔
- مِنْ: من وعن، من حیث القوم۔
- قَبْلِهِمْ: قبل از وقت، قبل الکلام۔
- يُحِبُّوْنَ: حب، حبیب، محبت۔
- هَاجَرَ: مہاجرین، ہجرت، مہاجر۔
- اِلَيْهِمْ: مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
- لَا: لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
- يَجِدُوْنَ: وجود، موجود، ایجاد۔
- فِيْ: فی سبیل اللہ، فی الحال۔
- صُدُوْرِهِمْ: شق صدر، شرح صدر۔
- حَاجَةً: حاجت، حاجات، محتاج۔
- يُؤْثِرُوْنَ: ایثار وقربانی۔
- عَلٰٓى: علی العموم، علی الاعلان۔
- اَنْفُسِهِمْ: نفس، نفوسِ قدسیہ۔
- الْمُفْلِحُوْنَ: فوز وفلاح، فلاحی ادارہ۔
- بَعْدِهِمْ: بعد از طعام، بعد از نماز۔
- يَقُوْلُوْنَ: قول، مقولہ، اقوالِ زریں۔
- رَبَّنَا: ربّ، ربِّ کائنات۔
- اغْفِرْ لَنَا: مغفرت، استغفار۔
- لِاِخْوَانِنَا: اخوت، مواخات۔
- سَبَقُوْنَا: سبقت، اقوامِ سابقہ۔
- بِالْاِيْمَانِ: بالمقابل، بسبب، بالکل۔
- قُلُوْبِنَا: قلبی تعلق، امراضِ قلب۔
- لِّلَّذِيْنَ: للہٰذا، الحمدللہ۔
- رَّحِيْمٌ: رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔

اَ [1]	لَمْ تَرَ [2][3]	اِلَى الَّذِيْنَ [4]	نَافَقُوْا
کیا	نہیں آپ نے دیکھا	(اُن لوگوں) کی طرف جن	سب نے منافقت کی
يَقُوْلُوْنَ	لِاِخْوَانِهِمُ [5]	الَّذِيْنَ [4]	كَفَرُوْا
وہ سب کہتے ہیں	اپنے (ان) بھائیوں سے	جن	سب نے کفر کیا
مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	لَئِنْ [6]	اُخْرِجْتُمْ [7]	
اہلِ کتاب میں سے	بلاشبہ اگر	تم نکالے گئے	
لَنَخْرُجَنَّ [8]	مَعَكُمْ	وَ	لَا نُطِيْعُ [9]
ضرور بالضرور ہم (بھی) نکل چلیں گے	تمہارے ساتھ	اور	ہم نہیں مانیں گے
فِيْكُمْ	اَحَدًا [10]	اَبَدًا ۙ	وَّ
تمہارے (بارے) میں	کسی ایک کی	کبھی بھی	اور
اِنْ	قُوْتِلْتُمْ [7]	لَنَنْصُرَنَّكُمْ ۭ [8]	
اگر	تم سے جنگ کی گئی	(تو) ضرور بالضرور ہم مدد کریں گے تمہاری	
وَاللّٰهُ	يَشْهَدُ	اِنَّهُمْ	لَكٰذِبُوْنَ [6] ﴿11﴾
اور اللہ	وہ گواہی دیتا ہے	کہ بیشک وہ	یقیناً سب جھوٹے (ہیں)
لَئِنْ [6]	اُخْرِجُوْا [7]	لَا يَخْرُجُوْنَ [9]	مَعَهُمْ ۚ
یقیناً اگر	وہ سب نکالے گئے	(تو) نہیں وہ سب نکلیں گے	ان کے ساتھ
وَ	لَئِنْ [6]	قُوْتِلُوْا [7]	لَا
اور	بلاشبہ اگر	ان سب سے جنگ کی گئی	(تو) نہیں
يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ	وَ	لَئِنْ [6]	نَّصَرُوْهُمْ [11]
وہ سب مدد کریں گے اُن کی	اور	واقعی اگر	اُنہوں نے مدد کی ان کی
لَيُوَلُّنَّ [8]	الْاَدْبَارَ ۣ	ثُمَّ	لَا
(تو) ضرور بالضرور وہ پھیر جائیں گے	پیٹھیں	پھر	نہیں
يُنْصَرُوْنَ [12] ﴿12﴾	لَاَانْتُمْ [13]	اَشَدُّ [14]	رَهْبَةً
وہ سب مدد کیے جائیں گے	یقیناً تم	زیادہ سخت ہو	ہیبت (کے لحاظ سے

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1. ''أ'' اگر الگ استعمال ہو تو اس کا ترجمہ کیا ہوتا ہے۔
2. لَمْ کے بعد فعل کا ترجمہ گزرے ہوئے زمانے میں کیا جاتا ہے۔
3. تَرَ دراصل تَرٰای تھا، گرامر کے اصول کے مطابق آخر سے اَیْ حذف کیا گیا ہے
4. اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، جس کا ترجمہ جو، جن، جنہیں، جنھوں نے وغیرہ کیا جاتا ہے۔
5. قَالَ، يَقُوْلُ وغیرہ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔
6. شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے جس کا ترجمہ ضرور بلاشبہ یا یقیناً کیا جاتا ہے۔
7. فعل کے شروع میں پیش اور آخر سے پہلے زیر میں کیا گیا کا مفہوم ہوتا ہے۔
8. فعل کے شروع میں لَ اور آخر میں نّ میں تاکید در تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اسی لیے ترجمہ ضرور بالضرور کیا گیا ہے۔
9. لَا کے بعد فعل کے آخر میں پیش یا وْنَ میں کام نہ کرنے کی خبر ہوتی ہے۔
10. ڈبل حرکت میں اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہے اس لیے ترجمہ کسی کیا گیا ہے۔
11. علامت وْا کے بعد دوسری علامت لگائی ہو تو اس کا ''ا'' حذف ہو جاتا ہے۔
12. اگر یُ پر پیش اور آخر سے پہلے زبر ہو تو اس فعل میں کیا جاتا ہے یا کیا جائے گا کا مفہوم ہوتا ہے۔
13. لَاَانْتُمْ میں ''ا'' قرآنی کتابت میں زائد ہے۔
14. اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

اَلَمْ تَرَ	کیا آپ نے دیکھا نہیں
اِلَى الَّذِيْنَ نَافَقُوْا	ان (لوگوں) کی طرف جنہوں نے منافقت کی
يَقُوْلُوْنَ لِاِخْوَانِهِمُ	وہ کہتے ہیں اپنے (ان) بھائیوں سے
الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ	جنہوں نے کفر کیا اہلِ کتاب میں سے
لَئِنْ اُخْرِجْتُمْ	بلاشبہ اگر تم نکالے (یعنی جلاوطن کیے) گئے
لَنَخْرُجَنَّ مَعَكُمْ	ضرور بالضرور ہم (بھی) تمہارے ساتھ نکل چلیں گے
وَلَا نُطِيْعُ فِيْكُمْ	اور ہم تمہارے بارے میں (کوئی بات) نہیں مانیں گے
اَحَدًا اَبَدًا ۙ وَّاِنْ قُوْتِلْتُمْ	کسی ایک کی کبھی بھی اور اگر تم سے جنگ کی گئی
لَنَنْصُرَنَّكُمْ ؕ	(تو) ضرور بالضرور ہم تمہاری مدد کریں گے
وَاللّٰهُ يَشْهَدُ	اور اللہ گواہی دیتا ہے
اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ ﴿11﴾	کہ بے شک وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔ ﴿11﴾
لَئِنْ اُخْرِجُوْا	یقیناً اگر وہ نکالے گئے
لَا يَخْرُجُوْنَ مَعَهُمْ ۚ	(تو) وہ ان کے ساتھ نہیں نکلیں گے
وَلَئِنْ قُوْتِلُوْا	اور بلاشبہ اگر ان سے جنگ کی گئی
لَا يَنْصُرُوْنَهُمْ ۚ	(تو) وہ ان کی مدد نہیں کریں گے
وَلَئِنْ نَّصَرُوْهُمْ	اور واقعی اگر انہوں نے اُن کی مدد کی
لَيُوَلُّنَّ الْاَدْبَارَ ۫	(تو) ضرور بالضرور وہ پیٹھیں پھیر (کر بھاگ) جائیں گے
ثُمَّ لَا يُنْصَرُوْنَ ﴿12﴾	پھر وہ (یہود) مدد نہیں کیے جائیں گے۔ ﴿12﴾
لَاَنْتُمْ اَشَدُّ	(مسلمانو!) یقیناً تم زیادہ سخت ہو
رَهْبَةً	ہیبت کے لحاظ سے (یعنی تمہاری ہیبت بہت زیادہ ہے)

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

تَرَ : رؤیت، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
اِلَى : مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
نَافَقُوْا : منافق، نفاق، منافقت۔
يَقُوْلُوْنَ : قول، اقوال، مقولہ۔
لِاِخْوَانِهِمُ : اخوت، اخوان المسلمون۔
كَفَرُوْا : کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
مِنْ : منجانب، من حیث القوم۔
اَهْلِ : اہل وعیال، اہلِ بیت۔
الْكِتٰبِ : کتاب، کُتب، کاتب۔
اُخْرِجْتُمْ : خارج، خروج، اخراج۔
لَنَخْرُجَنَّ : وزیر خارجہ، مخرج۔
مَعَكُمْ : مع اہل وعیال، معیّت۔
وَ : لیل ونہار، رحم وکرم۔
لَا : لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
نُطِيْعُ : اطاعت، مطیع وفرمانبردار۔
فِيْكُمْ : فی الحال، فی الحقیقت۔
اَحَدًا : واحد، احد، توحید، موحّد۔
اَبَدًا : ابدالآباد، ابدی نیند سلادیا۔
قُوْتِلْتُمْ : قتال، مقاتلہ۔
لَنَنْصُرَنَّكُمْ : نصرت، ناصر، انصار۔
يَشْهَدُ : شاہد، شہید، شہادت۔
لَكٰذِبُوْنَ : کذب بیانی، کذاب۔
نَّصَرُوْهُمْ : ناصر، منصور، انصار۔
الْاَدْبَارَ : دُبر، ادبارِ زمانہ۔
لَا : لاجواب، لامحدود، لاعلم۔
يُنْصَرُوْنَ : نصرت، ناصر، انصار۔
اَشَدُّ : شدید، اشد، متشدد، تشدد۔

• کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے • نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے • سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

فِيْ صُدُوْرِهِمْ [1]	مِّنَ اللّٰهِ ط [2]	ذٰلِكَ [3]	بِاَنَّهُمْ [4]
ان کے سینوں میں	اللہ (کی ہیبت) سے	یہ	اس وجہ سے کہ بیشک وہ

قَوْمٌ	لَّا يَفْقَهُوْنَ [5] (13)	لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ [5]
لوگ (ہیں)	(جو) نہیں وہ سب سمجھتے	نہیں وہ سب لڑ سکیں گے تم سے

جَمِيْعًا	اِلَّا	فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ [6]	اَوْ
اکٹھے ہو کر	مگر	قلعہ بند بستیوں میں	یا

مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ط	بَاْسُهُمْ [1]	بَيْنَهُمْ [1]
دیواروں کے پیچھے سے	ان کی لڑائی	ان کے درمیان (یعنی آپس میں)

شَدِيْدٌ ط	تَحْسَبُهُمْ [1]	جَمِيْعًا	وَّ [7]
بہت سخت (ہے)	آپ خیال کرتے ہیں اُنہیں	اکٹھے	حالانکہ

قُلُوْبُهُمْ [1]	شَتّٰى ط	ذٰلِكَ [3]	بِاَنَّهُمْ [4]
ان کے دل	جُدا جُدا (ہیں)	یہ	اس وجہ سے کہ بیشک وہ

قَوْمٌ	لَّا يَعْقِلُوْنَ [5] ج (14)	كَمَثَلِ [8]	الَّذِيْنَ
لوگ (ہیں)	(جو) نہیں وہ سب عقل رکھتے ہیں	(اُن لوگوں کے) حال کی طرح	جو

مِنْ قَبْلِهِمْ	قَرِيْبًا	ذَاقُوْا	وَبَالَ [9]
ان سے قبل	قریب (گزرے ہیں)	اُنہوں نے چکھ لیا	وبال

اَمْرِهِمْ ج [10]	وَ	لَهُمْ	عَذَابٌ	اَلِيْمٌ ج (15)
اپنے کام (کا)	اور	اُن کے لیے	عذاب (ہے)	دردناک

كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ [8]	اِذْ [11]	قَالَ	لِلْاِنْسَانِ [12]
شیطان کے حال کی طرح	جب	اس نے کہا	انسان سے

اكْفُرْ ج	فَلَمَّا	كَفَرَ	قَالَ	اِنِّيْ
تو کفر کر	پھر جب	اس نے کفر کر لیا	(تو) کہنے لگا	بیشک میں

بَرِيْٓءٌ	مِّنْكَ	اِنِّيْٓ	اَخَافُ اللّٰهَ [9]
بری (لاتعلق) ہوں	تجھ سے	بے شک میں	میں اللہ سے ڈرتا ہوں

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] هُمْ یا هِمْ اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ان کا، ان کی، انکے یا اپنا، اپنی، اپنے اور فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں ہوتا ہے

[2] یعنی وہ اللہ سے ڈرنے کی بجائے تم (مؤمنوں) سے زیادہ ڈرتے ہیں۔

[3] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے، اور اس کا استعمال بات میں زور ڈالنے کے لیے ہوتا ہے۔

[4] بِ کا ترجمہ کبھی بسبب، بوجہ یا بذریعہ بھی کیا جاتا ہے۔

[5] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْنَ میں کام نہ ہونے کی خبر ہوتی ہے۔

[6] ة اسم کے آخر میں واحد مؤنث کی علامت ہے، جس کا الگ ترجمہ ممکن نہیں۔

[7] وَ کا ترجمہ عموماً اور ہوتا ہے، کبھی حالانکہ یا قسم ہے بھی ترجمہ ہوتا ہے۔

[8] كَ لفظ کے شروع میں تشبیہ کے لئے آتا ہے، یعنی یہودیوں اور منافقین کی مثال شیطان کی طرح ہے کہ یہودیوں کو منافقین نے ایسے بے یارو مددگار چھوڑ دیا جیسے شیطان انسان کو گمراہ کرتا ہے اور پھر لاتعلق ہو جاتا ہے۔

[9] فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[10] ان سے مراد یا تو مشرکین مکہ ہیں جنہیں کچھ عرصہ قبل جنگ بدر میں شکست ہوئی یا پھر یہودیوں کا قبیلہ بنو قینقاع ہے جنہیں بنو نضیر سے پہلے جلاوطن کیا گیا تھا۔

[11] اِذْ کا ترجمہ جب اور اِذَا کا ترجمہ بھی جب ہوتا ہے اِذْ عموماً ماضی کے لیے اور اِذَا عموماً مستقبل کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

[12] قَالَ، يَقُوْلُ وغیرہ کے بعد لِ کا ترجمہ سے کیا جاتا ہے۔

فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنَ اللّٰهِ ؕ	ان کے سینوں میں اللہ (کی ہیبت) سے
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ	یہ اس وجہ سے کہ بیشک وہ
قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ (13)	(ایسے) لوگ ہیں (جو) نہیں سمجھتے۔ (13)
لَا يُقَاتِلُوْنَكُمْ جَمِيْعًا	وہ اکٹھے ہو کر (بھی) تم سے (آمنے سامنے) نہیں لڑ سکیں گے
اِلَّا فِيْ قُرًى مُّحَصَّنَةٍ	مگر قلعہ بند بستیوں میں (پناہ لے کر)
اَوْ مِنْ وَّرَآءِ جُدُرٍ ؕ بَاْسُهُمْ	یا دیواروں کے پیچھے سے، ان کی لڑائی
بَيْنَهُمْ شَدِيْدٌ ؕ	ان کے درمیان (یعنی آپس میں) بہت سخت ہے
تَحْسَبُهُمْ جَمِيْعًا	آپ انہیں اکٹھے (متحد) خیال کرتے ہیں
وَّ قُلُوْبُهُمْ شَتّٰى ؕ	حالانکہ ان کے دل جدا جدا ہیں
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ	یہ اس وجہ سے کہ بے شک وہ
قَوْمٌ لَّا يَعْقِلُوْنَ (14) ۚ	(ایسے) لوگ ہیں (جو) عقل نہیں رکھتے ہیں۔ (14)
كَمَثَلِ الَّذِيْنَ	(ان کا حال) ان (لوگوں) کے حال کی طرح جو
مِنْ قَبْلِهِمْ قَرِيْبًا	ان سے قبل قریب ہی ہوئے
ذَاقُوْا وَبَالَ اَمْرِهِمْ ۚ	انہوں نے اپنے کام کا وبال چکھ لیا
وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ (15) ۚ	اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔ (15)
كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ	(منافقوں کی مثال) شیطان کے حال کی طرح ہے
اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ اكْفُرْ ۚ	جب اس نے انسان سے کہا "کفر کر"
فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ	پھر جب اس نے کفر کر لیا (تو) کہنے لگا
اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ	بیشک میں تجھ سے بری (لاتعلق) ہوں
اِنِّيْٓ اَخَافُ اللّٰهَ	بے شک میں اللہ سے ڈرتا ہوں

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

فِيْ	: فی سبیل اللہ، فی الحقیقت۔
صُدُوْرِهِمْ	: شق صدر، شرح صدر۔
مِّنَ	: منجانب، من حیث القوم۔
قَوْمٌ	: قوم، اقوام، قومیت۔
لَّا	: لاتعداد، لاجواب، لاعلم۔
يَفْقَهُوْنَ	: فقہ، فقیہ، فقاہت۔
يُقَاتِلُوْنَكُمْ	: قتال، مقاتلہ۔
جَمِيْعًا	: جمیع، جامع، مجمع، اجتماع۔
اِلَّا	: الاماشاءاللہ، الا قلیل۔
فِيْ	: فی الحال، فی الحقیقت۔
قُرًى	: قریہ قریہ بستی بستی۔
وَّرَآءِ	: ماورائے عدالت۔
بَيْنَهُمْ	: بین بین، بین الاقوامی۔
شَدِيْدٌ	: شدید، شدت، اشد۔
قُلُوْبُهُمْ	: قلبی تعلق، امراض قلب۔
قَوْمٌ	: قوم، اقوام، قومیت۔
يَعْقِلُوْنَ	: عقل، عاقل، معقول۔
كَمَثَلِ	: مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
قَبْلِهِمْ	: قبل از وقت، قبل از غذا۔
قَرِيْبًا	: قرب، قریب، اقرباء۔
ذَاقُوْا	: ذائقہ، خوش ذائقہ۔
وَبَالَ	: وبالِ جان۔
اَمْرِهِمْ	: امر، آمر، مامور، امور۔
اَلِيْمٌ	: عذابِ الیم، الم ناک۔
كَمَثَلِ	: کالعدم، کماحقہ۔
قَالَ	: قول، اقوال، مقولہ۔
لِلْاِنْسَانِ	: انسان، انسانیت۔
اكْفُرْ	: کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
بَرِيْٓءٌ	: بری الذمہ، براءت۔
اَخَافُ	: خوف، خوف و ہراس۔

● کالا رنگ: اُردو میں مستعمل الفاظ کے لیے ● نیلا رنگ: بار بار استعمال ہونے والے الفاظ کے لیے ● سرخ رنگ: نئے الفاظ کے لیے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿16﴾	فَكَانَ [1]	عَاقِبَتَهُمَآ [2]
(جو) تمام جہانوں کا رب (ہے)	پھر ہوا	اُن دونوں کا انجام

اَنَّهُمَا [2]	فِي النَّارِ	خَالِدَيْنِ [2]	فِيْهَا ط
کہ بے شک وہ دونوں	آگ میں (داخل ہوئے)	دونوں ہمیشہ رہنے والے (ہیں)	اس میں

وَ	ذٰلِكَ [3]	جَزٰٓؤُا	الظّٰلِمِيْنَ ﴿17﴾ ع
اور	یہ	بدلہ (ہے)	ظالموں کا

ع 7/5

يٰٓاَيُّهَا [4]	الَّذِيْنَ [5]	اٰمَنُوا	اتَّقُوا	اللّٰهَ [6]
اے	(وہ لوگو!) جو	سب ایمان لائے ہو	تم سب ڈرو	اللہ (سے)

وَلْتَنْظُرْ [7][8]	نَفْسٌ	مَّا [9]	قَدَّمَتْ [8]
اور چاہیے کہ دیکھے	(ہر) نفس	کیا	اس نے آگے بھیجا

لِغَدٍ ج	وَ	اتَّقُوا	اللّٰهَ ط [6]	اِنَّ اللّٰهَ
کل کے لیے	اور	تم سب ڈرو	اللہ (سے)	بیشک اللہ

خَبِيْرٌ [10]	بِمَا [9]	تَعْمَلُوْنَ ﴿18﴾	وَ
خوب خبردار (ہے)	(اس) سے جو	تم سب کرتے ہو	اور

لَا تَكُوْنُوْا [11]	كَالَّذِيْنَ [5]	نَسُوا	اللّٰهَ [6]
مت تم سب ہو جاؤ	(اُن لوگوں) کی طرح جن	سب نے بھلا دیا	اللہ (کو)

فَاَنْسٰىهُمْ [12][13]	اَنْفُسَهُمْ ط [12]	اُولٰٓئِكَ
تو اس نے بھلوا دیں اُنہیں	اپنی جانیں	وہ (لوگ)

هُمُ الْفٰسِقُوْنَ [14] ﴿19﴾	لَا يَسْتَوِيْٓ	اَصْحٰبُ النَّارِ	وَ
ہی سب نافرمان (ہیں)	نہیں وہ برابر ہیں	آگ والے	اور

اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ط [15]	اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ [15]	هُمُ الْفَآئِزُوْنَ [14] ﴿20﴾
جنت والے	جنت والے	ہی سب کامیاب ہونے والے (ہیں)

لَوْ [16]	اَنْزَلْنَا	هٰذَا	الْقُرْاٰنَ
اگر	ہم نے اُتارا ہوتا	اس	قرآن (کو)

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] كَانَ کا ترجمہ کبھی تھا کبھی ہوا اور کبھی ہے کیا جاتا ہے۔

[2] هُمَا اور يْنِ میں کسی چیز کے تعداد میں دو ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

[3] ذٰلِكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ کر دیا جاتا ہے۔

[4] يَا اور اَيُّهَا دونوں کو ملا کر ترجمہ اے کیا جاتا ہے۔

[5] اَلَّذِيْنَ جمع مذکر کی علامت ہے، ترجمہ جو، جن، جنہیں وغیرہ کیا جاتا ہے۔

[6] فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[7] وَ یا فَ کے بعد "لِ" کا ترجمہ چاہیے کہ کیا جاتا ہے۔

[8] فعل کے شروع میں تَ اور آخر میں تْ مؤنث کی علامتیں ہیں، الگ ترجمہ ممکن نہیں

[9] مَا کا ترجمہ کبھی جو، جس کبھی کیا، کس کبھی نہیں، نہ اور کبھی کہ بھی کیا جاتا ہے۔

[10] اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

[11] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[12] هُمْ اگر فعل کے آخر میں ہو تو ترجمہ اُنہیں اور اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ ان کا یا اپنا کیا جاتا ہے۔

[13] یعنی وہ اپنی نجات کی فکر سے غافل ہو گئے اور گناہوں میں پڑے رہے اور اللہ کے عذاب سے بچنے کے لیے نیک اعمال کی راہ اختیار نہ کی۔

[14] هُمْ کے بعد اَلْ ہو تو اس میں تاکید کا مفہوم ہوتا ہے اور ترجمہ ہی کیا جاتا ہے۔

[15] ةٌ واحد مؤنث کی علامت ہے۔

[16] لَوْ کا ترجمہ کبھی اگر کبھی کاش ہوتا ہے۔

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿16﴾	(جو) تمام جہانوں کا رب ہے۔ ﴿16﴾
فَكَانَ عَاقِبَتَهُمَآ	پھر ان دونوں کا انجام یہ ہوا
اَنَّهُمَا فِي النَّارِ	کہ بے شک وہ دونوں آگ میں (داخل ہوئے)
خَالِدَيْنِ فِيْهَا ؕ	دونوں اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں
وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الظّٰلِمِيْنَ ﴿17﴾ ع 7 5	اور یہی ظالموں کی سزا ہے۔ ﴿17﴾
يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو
اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ	اللہ سے ڈرتے رہو اور (ہر) نفس کو دیکھنا چاہیے
مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ	(کہ) اس نے کل (قیامت) کے لیے کیا آگے بھیجا ہے
وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ	اور (ہر وقت) اللہ سے ڈرتے رہو
اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ	بے شک اللہ خوب خبردار ہے
بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿18﴾	اس سے جو تم عمل کرتے ہو۔ ﴿18﴾
وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّذِيْنَ	اور تم (ان لوگوں) کی طرح مت ہو جاؤ جنہوں نے
نَسُوا اللّٰهَ	اللہ (کے احکام) کو بُھلا دیا
فَاَنْسٰىهُمْ اَنْفُسَهُمْ ؕ	تو اس نے انہیں اپنی جانیں بھلوا دیں
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿19﴾	وہی (لوگ) ہی نافرمان ہیں۔ ﴿19﴾
لَا يَسْتَوِيْٓ اَصْحٰبُ النَّارِ	برابر نہیں ہو سکتے آگ والے
وَاَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ؕ	اور جنت والے
اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ	جنت والے
هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿20﴾	ہی (اصل) کامیاب ہونے والے ہیں۔ ﴿20﴾
لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ	اگر ہم نازل کرتے اس قرآن کو

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

رَبَّ :رب، ربوبیت۔
الْعٰلَمِيْنَ :عالمِ اسلام، عالمِ کفر۔
عَاقِبَتَهُمَآ :عالمِ عقبیٰ، عاقبت نااندیش۔
فِي :فی سبیل اللہ، فی الحال۔
النَّارِ :نوری وناری مخلوق۔
خَالِدَيْنِ :خالد، خلد بریں۔
وَ :شام وسحر، شان وشوکت۔
جَزٰٓؤُا :جزاوسزا، جزاک اللہ خیراً۔
الظّٰلِمِيْنَ :ظلم، ظالم، مظلوم، مظالم۔
اٰمَنُوا :امن، ایمان، مومن۔
اتَّقُوا :تقویٰ، متقی۔
لْتَنْظُرْ :نظر، نظارہ، منظورِ نظر۔
نَفْسٌ :نفس، نفوسِ قدسیہ۔
قَدَّمَتْ :قدم، مقدمۃ الجیش، تقدیم۔
لِغَدٍ :لہٰذا، الحمدللہ۔
خَبِيْرٌ :خبر، اخبار، خبردار، باخبر۔
بِمَا :بالکل، بالمقابل، بالمشافہہ۔
بِمَا :ماحول، ماتحت، ماجرا۔
تَعْمَلُوْنَ :عمل، اعمالِ صالحہ، معمول۔
لَا :لاعلاج، لاجواب، لاعلم۔
كَالَّذِيْنَ :کالعدم، کماحقہ۔
نَسُوا :نسیان، نسیاً منسیاً۔
الْفٰسِقُوْنَ :فسق وفجور، فاسق وفاجر۔
يَسْتَوِيْٓ :مساوی، مساوات۔
اَصْحٰبُ :اصحابِ صفہ، اصحابِ کہف۔
الْجَنَّةِ :جنت الفردوس۔
الْفَآئِزُوْنَ :فوز وفلاح، فائز ہونا۔
اَنْزَلْنَا :نازل، نزول، انزال۔
الْقُرْاٰنَ :قرآن، قرآنی آیات۔

عَلٰى جَبَلٍ [1]	لَّرَاَيْتَهٗ [2]	خَاشِعًا	مُّتَصَدِّعًا [3]
کسی پہاڑ پر	یقیناً آپ دیکھتے اُسے	جھکنے والا	ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا

مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ [4]	وَ	تِلْكَ [5]	الْاَمْثَالُ
اللہ کے خوف سے	اور	یہ	مثالیں

نَضْرِبُهَا [6]	لِلنَّاسِ [7]	لَعَلَّهُمْ	يَتَفَكَّرُوْنَ [8] (21)
ہم بیان کرتے ہیں اِنہیں	لوگوں کے لیے	تاکہ وہ	وہ سب غور وفکر کریں

هُوَ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ اِلٰهَ [9]	اِلَّا	هُوَ ۚ
وہ	اللہ (ہے)	جو	نہیں کوئی (سچا) معبود	مگر	وہی

عٰلِمُ الْغَيْبِ	وَ	الشَّهَادَةِ ۚ	هُوَالرَّحْمٰنُ [11][10]
پوشیدہ کا جاننے والا (ہے)	اور	ظاہر (کا)	وہی نہایت مہربان

الرَّحِيْمُ [11] (22)	هُوَ	اللّٰهُ	الَّذِيْ	لَآ اِلٰهَ [9]
بہت رحم والا (ہے)	وہی	اللہ ہے	جو	نہیں کوئی (سچا) معبود

اِلَّا هُوَ ۚ	اَلْمَلِكُ	الْقُدُّوْسُ [11]	السَّلٰمُ	الْمُؤْمِنُ [3]
مگر وہی	بادشاہ	بہت پاک	سلامتی والا	امن دینے والا

الْمُهَيْمِنُ [3]	الْعَزِيْزُ [11]	الْجَبَّارُ [11]	الْمُتَكَبِّرُ ؕ [11][3]
نگہبانی کرنے والا	بہت غالب	بہت زبردست	بہت بڑائی والا (ہے)

سُبْحٰنَ اللّٰهِ	عَمَّا [12]	يُشْرِكُوْنَ (23)	هُوَاللّٰهُ
پاک ہے اللہ	(اس) سے جو	وہ سب شریک ٹھہراتے ہیں	وہی اللہ

الْخَالِقُ [13]	الْبَارِئُ [13]	الْمُصَوِّرُ [3]	لَهُ [14]	الْاَسْمَآءُ
پیدا کرنے والا	ایجاد کرنے والا	صورتیں بنانے والا (ہے)	اس کے	نام (ہیں)

الْحُسْنٰى ؕ	يُسَبِّحُ [15]	لَهٗ [14]	مَا	فِي السَّمٰوٰتِ
سب سے اچھے	تسبیح بیان کرتی ہے	اسی کی	(ہر چیز) جو	آسمانوں میں

وَالْاَرْضِ ۚ	وَ	هُوَالْعَزِيْزُ [11][10]	الْحَكِيْمُ [11] ع (24)
اور زمین (میں ہے)	اور	وہی نہایت غالب	بہت حکمت والا (ہے)

ع 3 7 6

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

1 ڈبل حرکت میں عموماً اسم کے عام ہونے کا مفہوم ہوتا ہے۔

2 شروع میں لَ تاکید کی علامت ہے۔

3 اسم کے شروع میں مُ اور آخر سے پہلے زیر میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

4 یعنی اے انسان قرآن اتنا پُر تاثیر اور قوت بیان والا ہے کہ اگر یہ پہاڑ جیسی سخت چیز پر بھی اتارا جاتا اور اس میں فہم وادراک ہوتا تو وہ بھی اللہ کے سامنے جھک جاتا اور خوف کے مارے پھٹ جاتا لیکن اے انسان تجھے تو عقل وفہم کی صلاحیتیں دی گئی ہیں افسوس کا مقام ہے کہ تیرے دل پر کوئی اثر نہیں ہوتا۔

5 تِلْكَ کا اصل ترجمہ وہ ہے، کبھی عموماً ضرورتاً ترجمہ یہ بھی کر دیا جاتا ہے۔

6 ھَا واحد مؤنث کی علامت ہے، کبھی جمع کے لیے بھی استعمال ہو جاتی ہے۔

7 اسم کے ساتھ لِ کا ترجمہ کبھی کے لیے اور کبھی کا، کی، کے، کو کیا جاتا ہے۔

8 علامت تَ اور شد میں کام کو اہتمام سے کرنے کا مفہوم ہے۔

9 لَآ کے بعد اسم کے آخر میں زبر ہو تو اس کا ترجمہ کوئی نہیں کیا جاتا ہے۔

10 هُوَ کے بعد اسم کے شروع میں اَلْ ہو تو اس میں ہی یا وہی کا مفہوم ہوتا ہے۔

11 اس سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں مبالغہ کا مفہوم ہوتا ہے۔

12 عَمَّا دراصل عَنْ + مَا مجموعہ ہے۔

13 فَاعِلٌ کے سانچے میں ڈھلے ہوئے اسم میں کرنے والے کا مفہوم ہوتا ہے۔

14 لَهٗ میں لَ دراصل لِ تھا یہ پڑھنے میں آسانی کے لیے لَ استعمال ہو جاتا ہے۔

15 یہ فعل مذکر ہے ضرورتاً ترجمہ مؤنث میں کیا گیا ہے اور یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

● سرخ رنگ: ایک علامت کے لیے ● نیلا رنگ: دوسری علامت کے لیے ● کالا رنگ: اصل لفظ کے لیے

عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ	کسی پہاڑ پر (تو) یقیناً آپ دیکھتے اُسے
خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا	جھکنے والا، ٹکڑے ٹکڑے ہونے والا
مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ	اللہ کے خوف سے
وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا	اور یہ مثالیں ہیں ہم اِنہیں بیان کرتے ہیں
لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿21﴾	لوگوں کے لیے تاکہ وہ غور وفکر کریں۔ ﴿21﴾
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ	وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں
عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ	پوشیدہ اور ظاہر (سب) کا جاننے والا ہے
هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿22﴾	وہی نہایت مہربان بہت رحم والا ہے۔ ﴿22﴾
هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ	وہ اللہ ہی ہے جسکے سوا کوئی (سچا) معبود نہیں
اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ	بادشاہ ہے، بہت پاک، سلامتی والا
الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ	امن دینے والا، نگہبان، نہایت غالب
الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ	بہت زبردست، بے حد بڑائی والا ہے
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا	پاک ہے اللہ اس سے جو
يُشْرِكُوْنَ ﴿23﴾	وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ ﴿23﴾
هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ	وہی اللہ (تمام مخلوقات کو) پیدا کرنے والا
الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ	ایجاد کرنے والا، صورتیں بنانے والا ہے
لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ	سب سے اچھے نام اسی کے ہیں
يُسَبِّحُ لَهٗ	اسی کی تسبیح بیان کرتی ہے
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ	(ہر چیز) جو آسمانوں اور زمین میں ہے
وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿24﴾ ع	اور وہی نہایت غالب بہت حکمت والا ہے۔ ﴿24﴾

ع 3/7/6

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

عَلٰى : علی العموم، علی ھٰذا القیاس۔
جَبَلٍ : جبل اُحد، جبل رحمت۔
لَّرَاَيْتَهٗ : رؤیت، مرئی وغیر مرئی اشیا۔
خَاشِعًا : خشوع وخضوع۔
مِّنْ : منجانب، من حیث القوم۔
الْاَمْثَالُ : مثل، مثالیں، امثلہ، تمثیل۔
نَضْرِبُهَا : ضرب المثل۔
لِلنَّاسِ : عوام الناس، عامۃ الناس۔
يَتَفَكَّرُوْنَ : فکر، افکار، مفکر، تفکر۔
لَآ : لاعلاج، لاتعداد، لاعلم۔
اِلَّا : الاماشاءاللہ، الا قلیل۔
عٰلِمُ : علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
الْغَيْبِ : حاضر وغائب، علمِ غیب۔
الشَّهَادَةِ : عینی شاہد، مشاہدہ۔
الرَّحْمٰنُ : رحمت، رحم، رحیم، رحمٰن۔
اَلْمَلِكُ : مالک، ملکیت، املاک۔
الْقُدُّوْسُ : مقدس، روح القدس۔
السَّلٰمُ : سلامت، سلامتی۔
الْمُؤْمِنُ : امن، ایمان، مومن۔
الْجَبَّارُ : جبر، جبار وقہار، جبروت۔
الْمُتَكَبِّرُ : کبیر، اکبر، تکبر، متکبر۔
سُبْحٰنَ : سبحان تیری قدرت، تسبیح۔
يُشْرِكُوْنَ : شرک، شریک، مشرک۔
الْخَالِقُ : خلق، تخلیق، خالق، مخلوق۔
الْمُصَوِّرُ : مصور، تصویر، صورت۔
الْاَسْمَآءُ : اسماء الحسنٰی، اسم گرامی۔
الْحُسْنٰى : اسماء الحسنٰی، احسن جزاء۔
السَّمٰوٰتِ : ارض وسما، کتب سماویہ۔
الْاَرْضِ : ارض وسما، قطعہ اراضی۔
الْحَكِيْمُ : حکیم، حکمت۔

اٰيَاتُهَا: 13 | 60 سُوْرَةُ الْمُمْتَحِنَةِ مَدَنِيَّةٌ 91 | رُكُوْعَاتُهَا: 2

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يٰٓاَيُّهَا [1]	الَّذِيْنَ	اٰمَنُوْا	لَا تَتَّخِذُوْا [2]	عَدُوِّيْ [3]
اے	(وہ لوگو!) جو	سب ایمان لائے ہو	مت تم سب بناؤ	میرے دشمن

وَعَدُوَّكُمْ	اَوْلِيَآءَ [4]	تُلْقُوْنَ [5]	اِلَيْهِمْ	بِالْمَوَدَّةِ [6]
اور اپنے دشمن کو	دوست	تم سب پیغام بھیجتے ہو	اُن کی طرف	دوستی کا

وَ [7]	قَدْ	كَفَرُوْا	بِمَا [6]	جَآءَكُمْ
حالانکہ	یقیناً	ان سب نے انکار کیا	(اس) کا جو	آیا تمہارے پاس

مِّنَ الْحَقِّ ۚ	يُخْرِجُوْنَ	الرَّسُوْلَ [8]	وَاِيَّاكُمْ
حق سے	وہ سب نکالتے ہیں	رسول (کو)	اور خود تمہیں بھی

اَنْ [9]	تُؤْمِنُوْا	بِاللّٰهِ رَبِّكُمْ ۭ [6]	اِنْ [9]	كُنْتُمْ
کہ	تم سب ایمان لائے ہو	اپنے رب اللہ پر	اگر	ہو تم

خَرَجْتُمْ	جِهَادًا	فِيْ سَبِيْلِيْ [3]	وَ	ابْتِغَآءَ
تم نکلے	جہاد کے لیے	میرے راستے میں	اور	تلاش کرنے (کے لیے)

مَرْضَاتِيْ ۖ [3]	تُسِرُّوْنَ [5]	اِلَيْهِمْ	بِالْمَوَدَّةِ ۖ [6]
میری رضامندی	تم سب چھپ کر پیغام بھیجتے ہو	اُن کی طرف	دوستی کا

وَ [7]	اَنَا	اَعْلَمُ [10]	بِمَآ [6]	اَخْفَيْتُمْ	وَ
حالانکہ	میں	زیادہ جاننے والا ہوں	(اُس) کو جو	تم نے چھپایا	اور

مَآ	اَعْلَنْتُمْ ۭ	وَمَنْ	يَّفْعَلْهُ [11]	مِنْكُمْ
جو	تم نے ظاہر کیا	اور جو	کرے گا اسے (یعنی اس کام کو)	تم میں سے

فَقَدْ	ضَلَّ	سَوَآءَ السَّبِيْلِ (1)	اِنْ [9]
تو یقیناً	وہ بھٹک گیا	سیدھے راستے سے	اگر

يَّثْقَفُوْكُمْ [12]	يَكُوْنُوْا	لَكُمْ	اَعْدَآءً
وہ سب پائیں تمہیں	(تو) وہ سب ہوں گے	تمہارے لیے	دشمن

قرآنی الفاظ کی ضروری وضاحت

[1] يَا اور اَيُّهَا کو ملا کر ترجمہ اے کیا گیا ہے۔

[2] لَا کے بعد فعل کے آخر میں وْا ہو تو اس میں جمع کو کام نہ کرنے کا حکم ہوتا ہے۔

[3] یْ اگر اسم کے آخر میں ہو تو ترجمہ میرا، میری، میرے یا اپنا، اپنی، اپنے ہوتا ہے۔

[4] مکہ والوں نے حدیبیہ معاہدے کی خلاف ورزی کی تو آپ ﷺ نے خفیہ طور پر لڑائی کی تیاری کا حکم دیا ایک صحابی حاطب بن ابی بلتعہ جو بدری صحابی تھے اور سچے مسلمان تھے انہوں نے اس تیاری کی اطلاع کفار مکہ کو بھجوادی آپ ﷺ کو بذریعہ وحی اس کی اطلاع ہو گئی اور وہ خط بھی پکڑ لیا گیا تو حضرت حاطب سے پوچھا تو انہوں نے بتایا کہ میرا مقصد مکہ والوں پر احسان کرنا تھا تاکہ وہ میرے بیوی بچے جو کہ مکہ میں تھے اُن کا خیال رکھیں تو آپ ﷺ نے انکی سچائی کی وجہ سے انہیں معاف کر دیا اور انہیں کچھ بھی نہ کہا تو اللہ تعالیٰ نے تنبیہ کے طور پر یہ آیت نازل فرمائی۔

[5] تُلْقُوْنَ کا اصل ترجمہ تم سب ڈالتے ہو ہے سیاق وسباق سے ترجمہ تم سب پیغام بھیجتے ہو کیا گیا ہے اور تُسِرُّوْنَ کا اصل ترجمہ تم سب چھپاتے ہو ہے۔

[6] بِ کا ترجمہ کبھی سے، ساتھ کبھی پر کبھی کا، کی، کے، کو کبھی بدلے میں کیا جاتا ہے۔

[7] وَ کا ترجمہ کبھی حالانکہ بھی ہوتا ہے۔

[8] فعل کے بعد ایسا اسم جسکے آخر میں زبر ہو تو وہ اسم اس فعل کا مفعول ہوتا ہے۔

[9] اَنْ کا ترجمہ کہ اور اِنْ کا ترجمہ اگر کیا جاتا ہے۔

[10] اسم کے شروع میں أ میں صفت کے زیادہ ہونے کا مفہوم ہے۔

[11] یہاں یہ کے ترجمے کی ضرورت نہیں۔

[12] علامت وْا کے بعد اگر کوئی اور علامت لگائی ہو تو اس کا "ا" حذف ہو جاتا ہے۔

قرآنی الفاظ کا اُردو استعمال

اٰیَاتُھَا:13 — 60 سُوۡرَۃُ الۡمُمۡتَحِنَةِ مَدَنِیَّةٌ 91 — رُکُوۡعَاتُھَا:2

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا	اے (وہ لوگو!) جو ایمان لائے ہو	اٰمَنُوۡا	:امن، ایمان، مومن۔
لَا تَتَّخِذُوۡا عَدُوِّیۡ	مت بناؤ میرے دشمن	لَا	:لاتعداد، لاعلاج، لاعلم۔
وَعَدُوَّکُمۡ اَوۡلِیَآءَ	اور اپنے دشمن کو دوست	تَتَّخِذُوۡا	:اخذ، ماخوذ، مؤاخذہ۔
تُلۡقُوۡنَ اِلَیۡهِمۡ بِالۡمَوَدَّةِ	(کہ) تم پیغام بھیجتے ہو اُن کی طرف دوستی کا	عَدُوِّیۡ	:عدوّ، اعداء، عداوت۔
وَقَدۡ کَفَرُوۡا	حالانکہ یقیناً انہوں نے انکار کیا	وَ	:جاہ وجلال، سحر وافطار۔
بِمَا جَآءَکُمۡ مِّنَ الۡحَقِّ ۚ	اس کا جو حق تمہارے پاس آیا	اَوۡلِیَآءَ	:ولی، اولیاء کرام، ولایت۔
یُخۡرِجُوۡنَ الرَّسُوۡلَ وَاِیَّاکُمۡ	وہ نکالتے ہیں (جلاوطن کرتے ہیں) رسول کو اور خود تمہیں بھی	تُلۡقُوۡنَ	:القاء۔
اَنۡ تُؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ رَبِّکُمۡ ؕ	کہ تم اپنے رب اللہ پر ایمان لائے ہو	اِلَیۡهِمۡ	:مرسل الیہ، الداعی الی الخیر۔
اِنۡ کُنۡتُمۡ خَرَجۡتُمۡ	اگر تم نکلے ہو	بِالۡمَوَدَّةِ	:مودت ومحبت۔
جِهَادًا فِیۡ سَبِیۡلِیۡ	میرے راستے میں جہاد کے لیے	کَفَرُوۡا	:کفر، کافر، کفار، کفارِ مکہ۔
وَابۡتِغَآءَ مَرۡضَاتِیۡ ۖ	اور میری رضا تلاش کرنے کے لیے (تواُن سے دوستی مت کرو)	بِمَا	:ماحول، ماتحت، ماجرا۔
تُسِرُّوۡنَ اِلَیۡهِمۡ بِالۡمَوَدَّةِ ۖ	تم اُن کی طرف دوستی کا چھپا کر پیغام بھیجتے ہو	مِّنَ	:منجانب، من حیث القوم۔
وَاَنَا اَعۡلَمُ بِمَاۤ	حالانکہ میں خوب جاننے والا ہوں اُس کو جو	الۡحَقِّ	:حق، حقیقت، حق گوئی۔
اَخۡفَیۡتُمۡ وَمَاۤ اَعۡلَنۡتُمۡ ؕ	تم نے چھپایا اور جو تم نے ظاہر کیا	یُخۡرِجُوۡنَ	:اخراج، خارج، خروج۔
وَمَنۡ یَّفۡعَلۡهُ مِنۡکُمۡ	اور جو تم میں سے ایسا کرے گا	الرَّسُوۡلَ	:رسول، مرسل، رسالت۔
فَقَدۡ ضَلَّ سَوَآءَ السَّبِیۡلِ ﴿1﴾	تو یقیناً وہ سیدھے راستے سے بھٹک گیا۔ ﴿1﴾	جِهَادًا	:جہاد، مجاہد، جدوجہد۔
اِنۡ یَّثۡقَفُوۡکُمۡ	اگر وہ تمہیں پائیں (یعنی تم پر قابو پالیں)	فِیۡ	:فی الحال، فی الحقیقت۔
یَکُوۡنُوۡا لَکُمۡ اَعۡدَآءً	(تو) وہ تمہارے دشمن ہوں گے	سَبِیۡلِیۡ	:فی سبیل اللہ۔
		مَرۡضَاتِیۡ	:راضی، رضا، مرضی۔
		تُسِرُّوۡنَ	:اسرار ورموز، پراسرار۔
		اَعۡلَمُ	:علم، عالم، معلوم، تعلیم۔
		اَخۡفَیۡتُمۡ	:خفیہ، مخفی۔
		اَعۡلَنۡتُمۡ	:علی الاعلان، علانیہ طور پر۔
		یَّفۡعَلۡهُ	:فعل، فاعل، افعال۔
		ضَلَّ	:ضلالت وگمراہی۔
		سَوَآءَ	:مساوی، مساوات۔
		السَّبِیۡلِ	:اللہ کوئی سبیل نکالے گا۔
		اَعۡدَآءً	:عدوّ، اعداء، عداوت۔

وَيَبْسُطُوْٓا	اِلَيْكُمْ	اَيْدِيَهُمْ	وَ	اَلْسِنَتَهُمْ	
اور وہ سب بڑھائیں گے	تمہاری طرف	اپنے ہاتھ	اور	اپنی زبانیں	
بِالسُّوْٓءِ [1]	وَ	وَدُّوْا [2]	لَوْ [3]	تَكْفُرُوْنَ ؕ (2)	لَنْ [4]
